★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

قوت

روزنامہ

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 20 محرم الحرام 1447ھ، 16 جولائی 2025ء یکم ساون 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 238

سرکاری ہسپتالوں میں مانیٹرنگ کیلئے سی ایم ہیلپ لائن و بی لینس سکواڈ قائم

وزیراعلیٰ کی 24 گھنٹے ایکشن کی ہدایت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی نے ملاقات کی جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا' عوام کی بنیادی سہولیات تک رسائی میرا نصب العین ہے: مریم نواز شریف

ملک محمد احمد خان نے مون سون کے دوران حکومت پنجاب کے موثر اقدامات کو سراہا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مہنگائی، تجاوزات اور قبضہ مافیا کے سدباب کیلئے پیرا کے قیام پر خراج تحسین پیش کی



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں، پرویز رشید بھی موجود ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے ہر فرد کی فلاح میری ترجیح ہے یہی سوچ ہر فیصلے کی بنیاد ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی نے ملاقات کی جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملک محمد احمد خان نے مون سون کے دوران حکومت پنجاب کے موثر اقدامات کو سراہا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مہنگائی، تجاوزات اور قبضہ مافیا کے سدباب کیلئے پیرا کے قیام پر (بقیہ نمبر 1)

ریحام خان کا اپنی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان

پاکستان کی سیاست میں نئے باب کا اضافہ کرتے ہوئے اپنی سیاسی جماعت کا اعلان

نئی سیاسی جماعت عوام کی آواز بن کر حکمرانوں کا پیچھا کرے گی

کراچی: (ویب ڈیسک) عمران خان کی سابق اہلیہ ریحام خان نے اپنی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کر دیا۔ کراچی پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ریحام خان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

تجارت جنگوں کے خاتمے کا بہترین ذریعہ ہے، ٹرمپ

پاک، بھارت جنگ رکوائی، دونوں تیزی سے جوہری جنگ کی طرف جا رہے تھے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاس میں نیٹو چیف مارک روٹے سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تجارت جنگوں کے خاتمے کا بہتر (بقیہ نمبر 9)

صدر وزیراعظم کی ملاقات

ملکی ترقی و استحکام کیلئے ملکر کام کرنے کے عزم کا اعادہ

دانش اسکولز یونیورسٹی میں عالمی معیار کے جدید علوم کی تعلیم پر توجہ مرکوز کی جائے، دانش اسکولز اور دانش یونیورسٹی کی تعمیر میں ڈیجیٹل اور جدید کلاس رومز پر زیادہ سرمایہ کاری کی جائے

دانش اسکولز میں اساتذہ کو بہترین پیکیج فراہم کیا جائے، اساتذہ اور اسٹاف کی بھرتیوں میں شفافیت اور میرٹ کو مرکزی اہمیت دی جائے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

جام کمال خان برطانوی ہم منصب اور وزیراعظم کے ایلچی کی ملاقات، برطانیہ معاشی و تعاون فورم پر اتفاق

جام کمال خان نے محمد یاسین کو حالیہ تقرری پر مبارکباد دی اور جون 2025 میں محمد یاسین کے کامیاب دورہ پاکستان کو سراہا

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے تجارت کے لئے برطانوی وزیراعظم کے ایلچی محمد یاسین نے ہاؤس آف کامنز میں ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور بارے تبادلہ خیال کیا، دونوں رہنماؤں نے یوکے پاکستان ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ ڈائیلاگ کے آغاز کو سنگ میل قرار دیا، اس موقعے پر (بقیہ نمبر 11)



لندن: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے ہاؤس آف کامنز میں آل پارٹی پارلیمانی گروپ (اے پی پی جی) برائے پاکستان کے ارکان سے ملاقات

ہارس ٹریڈنگ روکنا حکومت کا کام ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہارس ٹریڈنگ روکنا حکومت کا کام ہے۔ میڈیا سے گفتگو کر (بقیہ نمبر 11)

شہید 12 سائنسدانوں نے 100 سائنسدان بنائے، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ دو سال (بقیہ نمبر 12)

پاکستان کی معیشت استحکام کے راستے پر، ریٹنگ میں بہتری کی امید ہے

وفاقی وزیر خزانہ

وزیر خزانہ نے موڈیز ٹیم کو ملکی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار و جامع ترقی کی بنیاد رکھنے کے لیے اہم کامیابیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت استحکام کے راستے پر، ریٹنگ میں بہتری کی امید ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے موڈیز ریٹنگ ایجنسی کے ساتھ ایک اہم ورچوئل اجلاس میں پاکستان کی معاشی صورتحال، اصلاحاتی ایجنڈے اور استحکام کی جانب پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں وزیر مملکت برائے (بقیہ نمبر 5)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی روسی وزیر خارجہ سے ملاقات، باہمی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق

تیانجن (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف فارن منسٹرز (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ مریم نواز اور سپیکر پنجاب اسمبلی کی اہم سیاسی و انتظامی امور پر ملاقات

ملاقات میں مون سون اقدامات، مہنگائی، قبضہ مافیا اور پیرا کے قیام پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

پیرا کا قیام عوامی ریلیف کا مؤثر ذریعہ بنے گا، ہر پسماندہ علاقے میں ترقی لانا ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے انتظامی صورتحال، مون سون کے دوران حکومتی اقدامات، مہنگائی، تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف حکمت عملی سمیت دیگر اہم (بقیہ نمبر 2)



تیانجن: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین کے شہر تیانجن میں ایس سی او کی وفاقی ایف ایم کے موقع پر ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات کر رہے ہیں

جاپان نے پاکستانی طلبہ پیشہ افراد کے لیے ویزا کی نئی سہولت کا آغاز کر دیا

جدید نظام قائم، زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کو 15 جولائی سے پاسپورٹ پر ظاہری اسٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی

ای ویزا کسی فرد کی برطانیہ میں امیگریشن کی اجازت اور اس سے منسلک شرائط کا آن لائن ریکارڈ ہوتا ہے

لندن (این این آئی) برطانیہ نے پاکستانی طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لیے ای ویزا کی نئی سہولت کا آغاز کر دیا ہے، جس کے مطابق برطانیہ جانے والے زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کو پاسپورٹ پر ظاہری اسٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی۔ برطانوی حکومت نے زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لیے (بقیہ نمبر 21)

بحری جہاز ایٹرنیٹی سی کا محفوظ عملہ سعودی عرب پہنچ گیا

جدہ (این این آئی) یونانی مال بردار بحری جہاز ایٹرنیٹی سی "کے عملے کے وہ افراد جو 8 جولائی کو حوثیوں کے حملے کے بعد جہاز کے غرق ہونے کے نتیجے میں بچ گئے تھے، سعودی عرب پہنچ گئے ہیں۔ یہ جہاز یمن کے ساحل کے قر (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد اور لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز بارش

ملک بھر میں مون سون بارشوں سے 111 افراد زندگی کی بازی ہار چکے

قصور، پاکپتن، کمالیہ، چنیوٹ، جھنگ، ننکانہ، وہاڑی، عبدالحکیم، چشتیاں، منڈی صادق آباد، مچن آباد، سرگودھا اور کندیاں میں بارش

اسلام آباد، لاہور (این این آئی) مون سون کے رنگ برقرار، اسلام آباد اور لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں منگل کی صبح سویرے تیز بارش ہوئی۔ لاہور کے مختلف علاقوں مسلم ٹاؤن، کلمہ چوک، بیدیاں روڈ، گلبرگ، کینٹ اور ایئرپورٹ کے اطراف میں خوب بارش ہوئی۔ اس کے (بقیہ نمبر 22)

ایران نے اعلیٰ ملکی و عسکری قیادت کو واٹس ایپ "کے استعمال سے خبردار کر دیا

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت مواصلات کے ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ دفتر کے ڈائریکٹر جنرل نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک اور فوج کے اعلیٰ حکام کو ہرگز واٹس ایپ استعمال نہیں کرنا چاہیے، تاہم عام شہریوں کے لیے اس کے (بقیہ نمبر 16)

لاہور کو تعلیمی میدان میں لیڈنگ رول ادا کرنا ہوگا، وزیر تعلیم رانا سکندر

کرپشن، غفلت اور غیر حاضری کا خاتمہ، نتائج نہ آئے تو اسکولوں کی آؤٹ سورسنگ ناگزیر

اساتذہ صرف تدریس پر توجہ دیں، طلبہ کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے

لاہور (زیڈ این این) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کی زیر صدارت لاہور ڈویژن کے ضلعی تعلیمی افسران کا اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 17)

بلوچستان، 6 ماہ دہشتگردی واقعات میں 45 فیصد اضافہ

501 واقعات میں 133 اہلکاروں سمیت 257 افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 45 فیصد جبکہ سیٹلرز کی ٹارگٹ کلنگ میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ بلو (بقیہ نمبر 10)

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے ڈیجیٹل ایکوسسٹم اور اسٹیٹس پر رپورٹ جاری

منیلا (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے ڈیجیٹل ایکوسسٹم اور اسٹیٹس پر رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے (بقیہ نمبر 13)

عمران خان کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 14)

آئی ایم ایف کا چینی کی درآمد کیلئے ٹیکس چھوٹ دینے پر تحفظات کا اظہار

چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ جیسے اقدامات سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام متاثر ہونے کا خدشہ ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے تحفظات پر حکومت نے مؤقف اختیار کیا کہ چینی کی درآمد فوڈ ایمرجنسی کے تحت کی جا رہی ہے

آئی ایم ایف کے تحفظات کے بعد حکومت نے چینی کی درآمد پر دی گئی ٹیکس چھوٹ واپس لینے پر غور شروع کر دیا ہے اور چینی درآمد کا فیصلہ مکمل طور پر ختم کیے جانے کا بھی امکان ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دینے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ جیسے اقدامات سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام متاثر ہونے کا خدشہ ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے تحفظات پر حکومت نے مؤقف اختیار کیا کہ چینی کی درآمد فوڈ ایمرجنسی کے تحت کی جا رہی ہے تاہم آئی ایم ایف نے حکومتی وضاحت مسترد کرتے ہوئے کہا کہ چینی درآمد پر ٹیکس چھوٹ آئی ایم ایف معاہدے کی کھلی خلاف ورز (بقیہ نمبر 15)

امریکا کے اولڈ ہاوس میں خوفناک آتشزدگی، 9 افراد ہلاک اور 30 زخمی

آگ لگنے کی وجہ کا تاحال تعین نہیں کیا جا سکا ہے، تفتیشی عمل جاری ہے، حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست مساچوسٹس کے شہر فول ریور میں بزرگوں کے رہائشی مرکز "گیبریئل ہاس "میں لگنے والی خوفناک آگ میں 9 افراد ہلاک اور 30 زخ (بقیہ نمبر 20)



تیانجن: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین کے شہر تیانجن میں ایس سی او کی وفاقی ایف ایم کے موقع پر ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات

صدر ایف پی سی سی آئی سے مصر کے سفیر کی ملاقات

تجارتی تعلقات کی بہتری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

صدر ایف پی سی سی آئی نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم کی کمی پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ سے پاکستان میں مصر کے سفیر ڈاکٹر ایہاب محمد عبد الحامد نے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کی بہتری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے مصر کی (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ

ایف بی آر کا مناسب مہلت دیے بغیر ریکوری نوٹس دینا غیر قانونی قرار

سپریم کورٹ نے ایک نجی کمپنی کے خلاف 2.92 ارب روپے کا انکم ٹیکس ریکوری نوٹس معطل کر دیا، ایک اور نجی کمپنی پر 1.88 ارب روپے کی ود ہولڈنگ ٹیکس وصولی کی کارروائی بھی کالعدم قرار دے دی

سپریم کورٹ میں جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جسٹس عائشہ ملک کا تحریر کردہ 18 صفحات پر مشتمل جاری کر دیا گیا، ایف بی آر کی انٹرا کورٹ اپیلیں خارج کر دی گئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے بغیر مناسب مہلت دیے ایف بی آر کا ریکوری نوٹس جاری کرنا غیر قانونی قرار دے دیا، کمشنر انکم ٹیکس کا ایک ہی دن میں اپیل، فیصلہ اور ریکوری نوٹس جاری کرنا انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے۔ سپریم کورٹ میں جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جسٹس عائشہ ملک کا تحریر کردہ 18 صفحات پر مشتمل جاری کر دیا گیا (بقیہ نمبر 19)

سنیپ بیک میکانزم دوبارہ فعال کرنے پر جواب دیں گے، ایران کی دھمکی

تہران (این این آئی) سنیپ بیک "میکانزم 2015 میں تہران کے ساتھ طے پانے والے جوہری معاہدے میں شامل تھا

جنوبی ایشیا میں کم عمری کی شادی بنگلا دیش میں کی ہوتی ہیں، اقوام متحدہ

یہ شرح افغانستان میں 29 فیصد، بھارت میں 23 فیصد، اور پاکستان میں 18 فیصد ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) بنگلہ دیش میں کم عمری کی شادیوں کی شرح میں مسلسل اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جواب پوری جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہو چکی ہے۔

اسرائیل نے غزہ کیلئے ممنوعہ اشیا کی فہرست میں بنیادی طبی آلات بھی شامل کر دیے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں کئی مہینوں سے خوراک اور طبی آلات کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر رکھی ہے، جس کے (بقیہ نمبر 29)

اسرائیل، نیتن یاہو کے اقتدار کو خطرہ، مذہبی جماعت حکومت سے علیحدہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی حکومت کو دھچکا لگ گیا، الٹرا آرتھوڈوکس جماعتوں میں سے ایک یو ٹی جے (بقیہ نمبر 28)

فرانس، قومی دن کے موقع پر شاندار تقریبات، فضائی مظاہرے، آتشبازی اور فوجی پریڈ کا انعقاد

پیرس (این این آئی) فرانس میں یوم آزادی باستیل ڈے " کی تقر (بقیہ نمبر 27)



لاہور: نیشنگ ڈائریکٹر پنجاب سپورٹس بورڈ ارشد رانا سے سابق ایم ڈی ویسٹ انڈیز کرکٹ مظفر محمود بھٹہ ملاقات کر رہے ہیں

ادا کارہ ماہا حسن کا کم عمری میں جنسی ہراسانی کا نشانہ بننے کا انکشاف

بچپن میں نامناسب انداز میں بات کی گئی اور غلط انداز میں چھو کر جسمانی طور پر ہراساں کیا گیا، ماہا حسن

کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی باصلاحیت ادا کارہ ماہا حسن نے انکشاف کیا کہ انہیں کم عمری میں ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان سے بچپن میں نامناسب انداز میں بات ہی میں ایک انٹرویو میں اپنی زندگی کے سب سے دردناک لمحے سے پردہ اٹھاتے ہوئے ادا کارہ ماہا حسن کی بات کی گئی اور غلط انداز میں چھو کر جسمانی (بقیہ نمبر 30)

لاہور: نیشنگ ڈائریکٹر پنجاب سپورٹس بورڈ ارشد رانا سے سابق ایم ڈی ویسٹ انڈیز کرکٹ مظفر محمود بھٹہ ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: ڈاکٹر کاظم نیاز، سیکرٹری اقتصادی امور، اور جاپانی سفیر، اکاماتسو شوچی، پاکستان اور جاپان کے درمیان ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ اسکالرشپ پروگرام (JDS) کے لیے بات چیت کے ریکارڈ اور نوٹوں کے تبادلے پر دستخط کر رہے ہیں

برطانیہ نے پاکستانی طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لیے ای ویزا کی نئی سہولت کا آغاز کر دیا

جدید نظام قائم، زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کو 15 جولائی سے پاسپورٹ پر ظاہری اسٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی

ای ویزا کسی فرد کی برطانیہ میں امیگریشن کی اجازت اور اس سے منسلک شرائط کا آن لائن ریکارڈ ہوتا ہے

لندن (این این آئی) برطانیہ نے پاکستانی طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لیے ای ویزا کی نئی سہولت کا آغاز کر دیا ہے، جس کے مطابق برطانیہ جانے والے زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کو پاسپورٹ پر ظاہری اسٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی۔ برطانوی حکومت نے زیادہ تر طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لیے (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد اور لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز بارش

ملک بھر میں مون سون بارشوں سے 111 افراد زندگی کی بازی ہار چکے

قصور، پاکپتن، کمالیہ، چنیوٹ، جھنگ، ننکانہ، وہاڑی، عبدالحکیم، چشتیاں، منڈی صادق آباد، مچن آباد، سرگودھا اور کندیاں میں بارش

اسلام آباد، لاہور (این این آئی) مون سون کے رنگ برقرار، اسلام آباد اور لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں منگل کی صبح سویرے تیز بارش ہوئی۔ لاہور کے مختلف علاقوں مسلم ٹاؤن، کلمہ چوک، بیدیاں روڈ، گلبرگ، کینٹ اور ایئرپورٹ کے اطراف میں خوب بارش ہوئی۔ اس کے (بقیہ نمبر 22)

ایران نے اعلیٰ ملکی و عسکری قیادت کو واٹس ایپ "کے استعمال سے خبردار کر دیا

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت مواصلات کے ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ دفتر کے ڈائریکٹر جنرل نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک اور فوج کے اعلیٰ حکام کو ہرگز واٹس ایپ استعمال نہیں کرنا چاہیے، تاہم عام شہریوں کے لیے اس کے (بقیہ نمبر 16)

لاہور کو تعلیمی میدان میں لیڈنگ رول ادا کرنا ہوگا، وزیر تعلیم رانا سکندر

کرپشن، غفلت اور غیر حاضری کا خاتمہ، نتائج نہ آئے تو اسکولوں کی آؤٹ سورسنگ ناگزیر

اساتذہ صرف تدریس پر توجہ دیں، طلبہ کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے

لاہور (زیڈ این این) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کی زیر صدارت لاہور ڈویژن کے ضلعی تعلیمی افسران کا اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 17)

بلوچستان، 6 ماہ دہشتگردی واقعات میں 45 فیصد اضافہ

501 واقعات میں 133 اہلکاروں سمیت 257 افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 45 فیصد جبکہ سیٹلرز کی ٹارگٹ کلنگ میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ بلو (بقیہ نمبر 10)

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے ڈیجیٹل ایکوسسٹم اور اسٹیٹس پر رپورٹ جاری

منیلا (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے ڈیجیٹل ایکوسسٹم اور اسٹیٹس پر رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے (بقیہ نمبر 13)

عمران خان کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 14)

آئی ایم ایف کا چینی کی درآمد کیلئے ٹیکس چھوٹ دینے پر تحفظات کا اظہار

چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ جیسے اقدامات سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام متاثر ہونے کا خدشہ ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے تحفظات پر حکومت نے مؤقف اختیار کیا کہ چینی کی درآمد فوڈ ایمرجنسی کے تحت کی جا رہی ہے

آئی ایم ایف کے تحفظات کے بعد حکومت نے چینی کی درآمد پر دی گئی ٹیکس چھوٹ واپس لینے پر غور شروع کر دیا ہے اور چینی درآمد کا فیصلہ مکمل طور پر ختم کیے جانے کا بھی امکان ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دینے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ جیسے اقدامات سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام متاثر ہونے کا خدشہ ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے تحفظات پر حکومت نے مؤقف اختیار کیا کہ چینی کی درآمد فوڈ ایمرجنسی کے تحت کی جا رہی ہے تاہم آئی ایم ایف نے حکومتی وضاحت مسترد کرتے ہوئے کہا کہ چینی درآمد پر ٹیکس چھوٹ آئی ایم ایف معاہدے کی کھلی خلاف ورز (بقیہ نمبر 15)

امریکا کے اولڈ ہاوس میں خوفناک آتشزدگی، 9 افراد ہلاک اور 30 زخمی

آگ لگنے کی وجہ کا تاحال تعین نہیں کیا جا سکا ہے، تفتیشی عمل جاری ہے، حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست مساچوسٹس کے شہر فول ریور میں بزرگوں کے رہائشی مرکز "گیبریئل ہاس "میں لگنے والی خوفناک آگ میں 9 افراد ہلاک اور 30 زخ (بقیہ نمبر 20)

تیانجن: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین کے شہر تیانجن میں ایس سی او کی وفاقی ایف ایم کے موقع پر ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات

صدر ایف پی سی سی آئی سے مصر کے سفیر کی ملاقات

تجارتی تعلقات کی بہتری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

صدر ایف پی سی سی آئی نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم کی کمی پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ سے پاکستان میں مصر کے سفیر ڈاکٹر ایہاب محمد عبد الحامد نے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کی بہتری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے مصر کی (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ

ایف بی آر کا مناسب مہلت دیے بغیر ریکوری نوٹس دینا غیر قانونی قرار

سپریم کورٹ نے ایک نجی کمپنی کے خلاف 2.92 ارب روپے کا انکم ٹیکس ریکوری نوٹس معطل کر دیا، ایک اور نجی کمپنی پر 1.88 ارب روپے کی ود ہولڈنگ ٹیکس وصولی کی کارروائی بھی کالعدم قرار دے دی

سپریم کورٹ میں جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جسٹس عائشہ ملک کا تحریر کردہ 18 صفحات پر مشتمل جاری کر دیا گیا، ایف بی آر کی انٹرا کورٹ اپیلیں خارج کر دی گئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے بغیر مناسب مہلت دیے ایف بی آر کا ریکوری نوٹس جاری کرنا غیر قانونی قرار دے دیا، کمشنر انکم ٹیکس کا ایک ہی دن میں اپیل، فیصلہ اور ریکوری نوٹس جاری کرنا انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے۔ سپریم کورٹ میں جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جسٹس عائشہ ملک کا تحریر کردہ 18 صفحات پر مشتمل جاری کر دیا گیا (بقیہ نمبر 19)

سنیپ بیک میکانزم دوبارہ فعال کرنے پر جواب دیں گے، ایران کی دھمکی

تہران (این این آئی) سنیپ بیک "میکانزم 2015 میں تہران کے ساتھ طے پانے والے جوہری معاہدے میں شامل تھا

جنوبی ایشیا میں کم عمری کی شادی بنگلا دیش میں کی ہوتی ہیں، اقوام متحدہ

یہ شرح افغانستان میں 29 فیصد، بھارت میں 23 فیصد، اور پاکستان میں 18 فیصد ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) بنگلہ دیش میں کم عمری کی شادیوں کی شرح میں مسلسل اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جواب پوری جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہو چکی ہے۔

اسرائیل نے غزہ کیلئے ممنوعہ اشیا کی فہرست میں بنیادی طبی آلات بھی شامل کر دیے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں کئی مہینوں سے خوراک اور طبی آلات کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر رکھی ہے، جس کے (بقیہ نمبر 29)

اسرائیل، نیتن یاہو کے اقتدار کو خطرہ، مذہبی جماعت حکومت سے علیحدہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی حکومت کو دھچکا لگ گیا، الٹرا آرتھوڈوکس جماعتوں میں سے ایک یو ٹی جے (بقیہ نمبر 28)

فرانس، قومی دن کے موقع پر شاندار تقریبات، فضائی مظاہرے، آتشبازی اور فوجی پریڈ کا انعقاد

پیرس (این این آئی) فرانس میں یوم آزادی باستیل ڈے " کی تقر (بقیہ نمبر 27)

لاہور: نیشنگ ڈائریکٹر پنجاب سپورٹس بورڈ ارشد رانا سے سابق ایم ڈی ویسٹ انڈیز کرکٹ مظفر محمود بھٹہ ملاقات کر رہے ہیں

ادا کارہ ماہا حسن کا کم عمری میں جنسی ہراسانی کا نشانہ بننے کا انکشاف

بچپن میں نامناسب انداز میں بات کی گئی اور غلط انداز میں چھو کر جسمانی طور پر ہراساں کیا گیا، ماہا حسن

کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی باصلاحیت ادا کارہ ماہا حسن نے انکشاف کیا کہ انہیں کم عمری میں ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان سے بچپن میں نامناسب انداز میں بات ہی میں ایک انٹرویو میں اپنی زندگی کے سب سے دردناک لمحے سے پردہ اٹھاتے ہوئے ادا کارہ ماہا حسن کی بات کی گئی اور غلط انداز میں چھو کر جسمانی (بقیہ نمبر 30)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ٹرمپ کا یوکرین کو نیٹو کے ذریعے ہتھیار دینے کا اعلان، روس پر سخت مصنوعات" لگانے کی دھمکی

واشنگٹن (شہنوا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ نیٹو کے ذریعے یوکرین کو ہتھیار بھیجے گا اور دھمکی دی کہ اگر 50 دنوں میں جنگ بندی کا معاہدہ نہ ہوا تو روس پر سخت مصنوعات لگائے جائیں گے۔ ٹرمپ نے یہ اعلان وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے سے ملاقات کے دوران کیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہم یوکرین ہتھیار بھیجنے والے ہیں اور وہاں کی قیمت ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان ہتھیاروں کو امریکہ میں تیار کیا جائے گا۔ روس کے بارے میں ٹرمپ نے کہا کہ اگر 50 دنوں میں معاہدہ نہ ہوا تو ہم بہت سخت مصنوعات لگانے والے ہیں۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق صدر ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ ثانوی مصنوعات تقریباً 100 فیصد ہوں گی۔ واشنگٹن ٹائمز کے مطابق امریکی وزیر تجارت ہاورڈ لٹنک کے بعد میں وضاحت کی کہ صدر ٹرمپ نے جب روس کے خلاف "ثانوی مصنوعات" کی بات کی تو ان کا مطلب "معاشی پابندیاں" تھا۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق اوول آفس کی ملاقات کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ نیٹو اتحادیوں کے ساتھ معاہدہ مکمل طور پر طے پا چکا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم یوکرین ہتھیار بھیجنے کے لیے سارے ہتھیار نہیں بھیجیں گے اور وہ ان ہتھیاروں کو فوراً جنگ کے مقام پر پہنچا ئیں گے اور وہ ان کی سو فیصد ادائیگی کریں گے۔ اے بی سی نیوز کے مطابق ٹرمپ نے صحافیوں کو بتایا کہ کچھ میزائیل سسٹمز جو وہ یوکرین بھیج رہے ہیں، وہ پہلے ہی وہاں پہنچ چکے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ اگر روس کے خلاف ثانوی مصنوعات لگائے جائیں گے تو اس سے روس کی معیشت کو بہت نقصان پہنچے گا۔ ٹرمپ نے یہ اعلان وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے سے ملاقات کے دوران کیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہم یوکرین ہتھیار بھیجنے والے ہیں اور وہاں کی قیمت ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان ہتھیاروں کو امریکہ میں تیار کیا جائے گا۔ روس کے بارے میں ٹرمپ نے کہا کہ اگر 50 دنوں میں معاہدہ نہ ہوا تو ہم بہت سخت مصنوعات لگانے والے ہیں۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق صدر ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ ثانوی مصنوعات تقریباً 100 فیصد ہوں گی۔ واشنگٹن ٹائمز کے مطابق امریکی وزیر تجارت

چین نے ماحول دوست مالیاتی اعانت سے فائدہ اٹھانے والے منصوبوں کی فہرست جاری کر دی

بیجنگ (شہنوا) چین کے مالیاتی حکام نے ماحول دوست مالیاتی اعانت سے فائدہ اٹھانے والے منصوبوں کی فہرست جاری کی ہے۔ یہ اقدام ملک کی معاشی و سماجی ترقی میں ماحول دوست حقیقی کفر وع دینے اور اعلیٰ معیار کی ترقی کو آگے بڑھانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ 2025ء کے ایڈیشن پر مشتمل یہ فہرست پیپلز بینک آف چائنہ (پی بی او سی)، قومی مالیاتی نگران انتظامیہ اور چائنہ سیکیورٹیز ریگولیٹری کمیشن کی جانب سے مشترکہ طور پر جاری کی گئی ہے۔ یہ فہرست مختلف شعبوں میں منصوبوں کا احاطہ کرتی ہے جن میں توانائی کی بچت اور کاربن میں کمی، ماحولیاتی تحفظ، وسائل کی دوبارہ تدویر، ماحول دوست اور کم کاربن توانائی کی شکل، ماحولیاتی تحفظ اور بحالی، ماحول دوست بنیادی سہولیات کی بہتری کے علاوہ ماحول دوست خدمات اور تجارت شامل ہیں۔ پی بی او سی کے ایک بیان کے مطابق اس فہرست کا اثر ماحول دوست مالیات کی منڈی میں رقوم کو بڑھانے، اثاثہ جات کے انتظام کی کارکردگی بہتر بنانے اور ماحول دوست مالیات سے متعلق پالیسی منصوبوں کی جانچ کے اثرات کو کم کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔

اسپیکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) اسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق لیڈی کانسٹیبل سیدہ روضیہ بخاری کی خاوندی قرار دینے کی درخواست پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ایڈمن ٹریفک پولیس لاہور محمد ریاض اور ایس ایس پی ایڈمن ہیڈکوارٹرز ایڈمن پولیس لاہور عمر سعید ملک پر مشتمل انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے۔ کمیٹی کو 3 روز میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ کمیٹی غیر جانبدارانہ انکوائری کرے۔ ایس ایس پی ایڈمن ہیڈکوارٹرز ایڈمن پولیس لاہور کی جانب سے کمیٹی کو تحریری بیان جمع کروا دیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ایڈمن ہیڈکوارٹرز ایڈمن پولیس لاہور کی جانب سے کمیٹی کو تحریری بیان جمع کروا دیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ایڈمن ہیڈکوارٹرز ایڈمن پولیس لاہور کی جانب سے کمیٹی کو تحریری بیان جمع کروا دیا گیا ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ٹریفک پولیس کو ہاڑی کیمرے لگائے جانے کا سلسلہ جاری

سی ٹی او لاہور نے ٹریفک وارڈنز کو مزید 200 ہاڑی کیمرے لگا دیئے

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ٹریفک پولیس کو ہاڑی کیمرے لگائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ مزید 200 ہاڑی کیمرے لگائے جائیں گے۔ ٹریفک وارڈنز کو مزید 200 ہاڑی کیمرے لگائے جانے کے بعد ٹریفک وارڈنز کی ہاڑی کیمرے والی تعداد 400 ہو جائے گی۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 16 جولائی 2025ء

تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے امتحانی نظام کو شفاف بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں کمشنر گوجرانوالہ

بورڈ کے تمام شعبہ جات اپنی کارکردگی میں بہتری لائیں اور طلباء کو بروقت، منصفانہ اور شفاف سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے امتحانی نظام اور رزلٹ کی شفاف تیاری کے مراحل بارے برانچ افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت، کارکردگی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بورڈ کے تمام شعبہ جات اپنی کارکردگی میں بہتری لائیں اور طلباء کو بروقت، منصفانہ اور شفاف سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری بورڈ اور آڈٹ آفیسر بھی شریک تھے، جنہوں نے بورڈ کے انتظامی اور امتحانی نظام بارے بریفنگ دی۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ امتحانی عمل میں مزید بہتری لائی جائے اور ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال کر کے طلباء اور والدین کو بہترین سہولت فراہم کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرچہ سازی، پیپر مارکنگ، اور رزلٹ کی تیاری کے تمام مراحل میں نگرانی کو مزید سخت کیا جائے اور کسی بھی بدعنوانی یا غفلت پر فوری کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ کمشنر نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں، طلباء، اساتذہ اور بورڈ کے مابین مربوط روابط قائم کر کے ہی ایک بہتر امتحانی نظام ممکن ہے۔ بورڈ کا عملہ عوام کی جائز توقعات پر پورا اترنے کے لیے ہمہ وقت مستعد رہے۔ اجلاس کے اختتام پر کمشنر نے برانچ افسران کو ہدایت کی کہ وہ ہر ممکن کوشش کریں کہ بورڈ کا امتحانی نظام مثالی اور قابل تقلید بنے، غفلت برتنے کی صورت میں محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات نے دفعہ 144 کا نفاذ کر کے دونوں اضلاع کی حدود میں واقع ڈیمز، نالوں اور تالابوں میں نہانے اور کشتی رانی پر پابندی عائد کر دی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات نے رواں موسم برسات کے پیش نظر ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کا نفاذ کر کے دونوں اضلاع کی حدود میں واقع ڈیمز، نالوں اور تالابوں میں تیراکی، غوطہ خوری، نہانے اور کشتی رانی پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ کے جاری کردہ ممانعتی حکمنامہ کے مطابق یہ پابندی 14 جولائی سے 12 اگست 2025 تک نافذ العمل رہے گی اور پابندی کی خلاف ورزی پر حسبِ ضابطہ کارروائی کی جائے گی #



بارشی پانی کے اخلاء کے لیے اسسٹنٹ کمشنر ب نواز رات گئے فیلڈ میں موجود

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر بارشی پانی کے اخلاء کے لیے اسسٹنٹ کمشنر ب نواز رات گئے فیلڈ میں موجود، انہوں نے تحصیل روڈ پر سٹاف کو بارش پانی نکالنے کے لیے کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر ب نواز نے تحصیل روڈ اور گول چوک پر سٹاف کو نالیوں کی صفائی کے احکامات جاری کیے تاکہ بارشی پانی کو بازاروں سے جلدی نکالا جا سکے، انہوں نے تھانہ اچنچ کی ٹیموں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پانی نکالنے کے لیے محنت اور دل جمعی سے کام کریں اور مون سون بارشوں کے دوران صفائی ستھرائی اور نکاسی اپ کے لیے مکمل طور پر الرٹ رہیں

اللہ جسے چاہتا معزز بناتا جسے چاہتا ہدایت نصیب فرماتا ہے۔ طاہر مجید کپور

دنیاوی واخروی کامیابی اسوہ نبوی پر عمل پیرا ہونے میں ہے۔ سابق صدر ایوان صنعت وتجارت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہترین اطوار و کردار ہمارے لئے مکمل نمونہ اور اسوہ نبوی ہمارے بلکہ بنی نوع انسانی کے لئے مشعل راہ ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈی جی لائنز کلب انٹرنیشنل مین طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے ایک خصوصی فکری نشست کے دوران کیا انہوں نے کہا انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنایا یہ افضلیت حضرت انسان کو اسکے علم و تدبر کیوجہ سے ملی۔ فرمان الٰہی ہے کہ اللہ جسے چاہتا ہے اپنا برگزیدہ بناتا ہے اور جو بھی اس کی طرف رجوع کرے وہ اس کی صحیح راہنمائی فرماتا ہے۔ دین دنیا و آخرت کی بھلائی و کامیابی انسانیت کی خدمت میں ہے۔ ہماری کامیابی اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ کے احکامات کی پیروی کرتے انسانیت کی بھلائی فلاح و بہبود میں زندگی گزارنے میں ہے۔

انتقال پُرملال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حاجی یونس چیمہ (شیریں محل) اگوکی سیالکوٹ والے کی زوجہ محترمہ قیصر محمود چیمہ، زاہد چیمہ، یاسر چیمہ کی والدہ محترمہ حاجی اشرف (اشرف سوئیٹس والے) کی ہمشیرہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ لالو پیر قبرستان موماں کلاں (ماڈل ٹاؤن اگوکی) قبرستان میں ادا کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں سوگوار فیملی، صدر سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ، نوفل زکریا کھاڈ، سنیئر صحافیوں خواجہ عامر جاوید، ذوالفقار زکریا کھاڈ، اسلام بٹ، سمیت عمائدین علاقہ وشہر کی کثیر تعداد میں شرکت۔ بعد ازاں مرحومہ کو قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

گورنمنٹ کامرس کالج میں محکمہ ریونیو کے نائب قاصدوں کو جونیئر کلرک کے عہدے پر ترقی دینے کے سلسلے میں ٹائپنگ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) گورنمنٹ کامرس کالج میں محکمہ ریونیو کے نائب قاصدوں کو جونیئر کلرک کے عہدے پر ترقی دینے کے سلسلے میں ٹائپنگ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹیسٹ کے شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل نے ٹیسٹ سینٹر کا دورہ کیا اور نگرانی کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر ٹیسٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ اہل ملازمین کو ان کا جائز حق مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومتی اداروں میں استعداد کار بڑھانے کے لیے میرٹ پر مبنی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایس این اے خرم سلیم بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

مچھروں کی بہتات نے شہریوں کو پریشان کر دیا

انتظامیہ کی جانب سے تدارک کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے جا رہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مچھروں کی بہتات نے شہریوں کو پریشان کر دیا انتظامیہ کی جانب سے تدارک کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے جا رہے جس سے شہری شدید پریشان ہیں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے تفصیل کے مطابق جگہ جگہ بارش کے پانی کے کی نکاسی نہ ہونے سے مچھروں کی افزائش ہو رہی ہے انتظامیہ کی جانب سے ان کے تدارک کیلئے نہ ہی اسپرے کی جا رہی ہے اور نہ کھڑا بدبودار پانی نکالنے کے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس سے شہری شدید پریشان ہیں شام ہوتے ہی موٹے موٹے مچھر کاٹنے کو دوڑتے ہیں اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں مچھر مار اسپرے کی جائے تاکہ مچھروں کا خاتمہ ممکن ہو سکے اور شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

ہاکی ٹیم کی موجودہ صورتحال باعث تشویش ہے۔ شیراز بٹ

کپتان وکھلاڑیوں کو حکومتی تعاون کی ضرورت ہے۔ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معروف ریئل اسٹیٹ بزنس مین شیراز بٹ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے قومی ہاکی ٹیم کی موجودہ حالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہاکی پاکستان کا قومی کھیل ہے مگر افسوس کہ سرکاری سطح پر اس پر کوئی سنجیدہ توجہ نہیں دی جا رہی قومی ٹیم نے انٹرنیشنل ٹورنامنٹس میں "اپنی مدد آپ" کی حکمت عملی کے تحت حصہ لیا جہاں کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں سے کھیل کر پاکستان کا نام روشن کیا تاہم انہیں نہ سرکاری مالی تعاون ملا نہ کوئی رسمی پذیرائی ملی اسامہ وسیم نے کہا کہ جب کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر ٹورنامنٹ جیتتے ہیں تو انہیں تعریف و انعامات ملنے چاہئیں مگر ہم نے دیکھا کہ کیپٹن عماد بٹ کو پانچ ہزار روپے کی معمولی رقم بھیجی گئی اور انہیں اسلام آباد بلوایا اور کہا کہ اپنی تعریفی سند لے جاؤ یہ سب کھلاڑیوں کے ساتھ بے حرمتی کے مترادف ہے انہوں نے زور دے کر کہا کہ کھلاڑی قوم کے اثاثہ ہیں اور انہیں ان کی محنت، دیانتداری اور جوش کے صلہ ملنا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو فوری مالی و اخلاقی سپورٹ فراہم کی جائے۔ کامیاب کھلاڑیوں خاص طور پر عماد بٹ جیسے کپتان کو مناسب پیمانے پر انعامات، سرکاری اعزاز اور سرکاری ملازمت کی پیشکش دی جائیں۔

کمشنر ساہیوال کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن کا اہم اجلاس

ساہیوال میں مون سون کی غیر معمولی بارشیں، شہر میں دو روز میں 140 ملی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی گئی، بارش کے پانی کی فوری نکاسی کے لئے موجودہ سیوریج سسٹم دباؤ کا شکار



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) دو روز میں 140 ملی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی گئی، بارش کے پانی کی فوری نکاسی کے لئے موجودہ سیوریج سسٹم دباؤ کا شکار، کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کارپوریشن کے تمام افسران فیلڈ میں موجود۔ اس سلسلہ میں کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ رانا اورنگزیب، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ شہر کے تمام ڈسپوزل سٹیشنز کو فل کپیسٹی پر چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج سسٹم پر دباؤ کے باعث شہریوں کو وقتی طور پر پریشانی کا سامنا رہے گا۔ اجلاس کے دوران شہر کے سیوریج مسائل اور بارش کے پانی کی ڈسپوزل میں درپیش شکایات پر تفصیلی غور کیا گیا اور مسائل کے فوری حل کے لئے افسران کی ڈیوٹیاں لگائی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود شہر کے شمالی حصے میں پمپ پروگرام کے تمام کاموں کی نگرانی کریں گے جبکہ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر شہر کے جنوبی حصے کے نگران ہونگے۔ انتظامی افسران شہر کے مسائل بارے مکمل آگاہی حاصل کریں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ کارپوریشن کو مزید وسائل بھی فراہم کئے جائیں گے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد نے بتایا کہ شہر کے مرکزی علاقوں سے سیوریج کی نکاسی کے لئے نئی لائن بچھائی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ شہر میں 14 پوائنٹس پر بارش کا پانی کھڑا ہوتا ہے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ پمپ پروگرام کے تحت بچھائی گئی سیوریج لائنوں کو سسٹم سے جوڑنے کا عمل بھی شروع کیا جائے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ رانا صفدر شبیر کے ہمراہ نالہ تڑ گر کا تفصیلی دورہ کیا

اس دورے کا مقصد ریلیف سرگرمیوں، صفائی ستھرائی، اور نالہ کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ رانا صفدر شبیر کے ہمراہ نالہ تڑ گر، مون سون ایمرجنسی ریلیف کیمپ اور شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد ریلیف سرگرمیوں، صفائی ستھرائی، اور نالہ کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران چیف آفیسر میونسپل کمیٹی تلہ گنگ میاں انیس، سب انجینئر شیخ عدنان اور ستھرا پنجاب کی ٹیم بھی ان کے ہمراہ موجود تھی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم نے مختلف مقامات پر انتظامات کا معائنہ کیا اور موقع پر موجود عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر مکمل عملدرآمد کیا جا رہا ہے اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کیلئے انتظامیہ پوری طرح متحرک ہے۔ اس موقع پر شہریوں نے انتظامیہ کی جانب سے فوری ریلیف کیلئے کیے گئے اقدامات کو خوش آئند قرار دیا۔

16 ارب روپے کی خطیر رقم سے ماحول دوست الیکٹرک بسیں چلانے کا شاندار منصوبہ کا آغاز گوجرانوالہ سے کیا جا رہا ہے

یہ حکومت پنجاب کا فلیگ شپ پروگرام ہے جو ک تاریخ میں پہلی مرتبہ لاہور سے باہر گوجرانوالہ میں شروع کیا جا رہا ہے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب عمران سکندر بلوچ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کی روشنی میں گوجرانوالہ ڈویژن میں 16 ارب روپے کی خطیر رقم سے ماحول دوست الیکٹرک بسیں چلانے کا شاندار منصوبہ کا آغاز گوجرانوالہ سے کیا جا رہا ہے۔ یہ حکومت پنجاب کا فلیگ شپ پروگرام ہے جو ک تاریخ میں پہلی مرتبہ لاہور سے باہر گوجرانوالہ میں شروع کیا جا رہا ہے جس کا باقاعدہ آغاز ستمبر میں ہو گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر دفتر میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایم ڈی واسا محمد فیصل سیکرٹری آر ٹی اے غلام مصطفیٰ انصاری ایس پی پولیس مدثر، ڈی ڈی ماحولیات سلمان اسلم نیپاک ہوٹی گیس واپڈا ٹیلیفون و دیگر محکموں کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ڈی سی جی یٰسین سلطان، سی میٹرو پولیٹن کاپوریشن حیدر علی چٹھہ، سی ٹی او کیپٹن (ر) محمد عبدالرؤف ملا، ایکسین بلڈنگ ڈویلپمنٹ محمد عبدالرؤف، ایکسین ایم ڈی واسا محمد فیصل سیکرٹری آر ٹی اے غلام مصطفیٰ انصاری ایس پی پولیس مدثر، ڈی ڈی ماحولیات سلمان اسلم نیپاک ہوٹی گیس واپڈا ٹیلیفون و دیگر محکموں کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے

گوجرانوالہ IFJ کی جانب سے متنازعہ پیکا ایکٹ پر اظہار تشویش پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے موقف کی تائید ہے

پیکا ایکٹ سے آزادی اظہار رائے کو دبایا گیا ہے پی ایف یو جے ورکرز پیکا ایکٹ کو پہلے ہی آئین پاکستان سے متصادم قرار دے چکی ہے

فیصل آباد (افشاں بتول) گوجرانوالہ IFJ کی جانب سے متنازعہ پیکا ایکٹ پر اظہار تشویش پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے موقف کی تائید ہے۔ پیکا ایکٹ سے آزادی اظہار رائے کو دبایا گیا ہے پی ایف یو جے ورکرز پیکا ایکٹ کو پہلے ہی آئین پاکستان سے متصادم قرار دے چکی ہے کیونکہ اس وقت صحافی پاکستان بھر میں ڈر اور خوف کے ماحول میں اپنی صحافتی ذمہ داریاں آزادانہ طریقے سے انجام نہیں دے پا رہے ہیں۔ پی ایف یو جے ورکرز انٹرنیشنل فیڈریشن آف جرنلسٹس ورکرز کے موقف کی مکمل تائید کرتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے سیکریٹری جنرل شاہد ملک، نائب صدر ملک توصیف احمد، مرکزی فنانس سیکریٹری سید بلال عزیت نقوی اور مرکزی سیکریٹری اطلاعات عبدالرزاق پیشتی، صدر کراچی یونین آف جرنلسٹس ورکرز کمیل یاسین کانگا، دارا ظفر سیکریٹری جنرل اپنک، صدر سرگودھا یونین آف جرنلسٹس ورکرز، ملک منظہر نائب صدر پنجاب یونین آف جرنلسٹس ورکرز، سید غلام عباس تنویر صدر فیصل آباد یونین آف جرنلسٹس ورکرز، فاروق گوندل صدر سرگودھا یونین آف جرنلسٹس ورکرز، جنرل سیکریٹری سرگودھا رانا اشرف، ممبر ایف ای سی آر سلیم، سینئر نائب منظور ممتاز، صدر مظفر گڑھ شیراز بشیر، جنرل سیکریٹری مظفر گڑھ زیشان اکبر نقاش، ممبر ایف ای سی و کارڈینیٹر بلوچستان غلام سین بلوچ، محبوب شہوانی قلات یونین آف جرنلسٹس ورکرز، ممبر ایف ای سی عشرت الناس چوہدری، رانا غلام عارف صدر جھنگ یونین آف جرنلسٹس ورکرز، صدر کھاریاں یونین آف جرنلسٹس ورکرز فرحان علی، جنرل سیکریٹری کھاریاں شہزاد راجہ، سینئر نائب صدر شہباز گھمن گڑھی، شیخ ظفر صدر سرائے عالمگیر یونین آف جرنلسٹس ورکرز، جنرل سیکریٹری سرائے عالمگیر راجہ حسن افتخار علی بٹ جنرل سیکریٹری ریجنل یونین آف جرنلسٹس ورکرز، بلال لودھی جنرل سیکریٹری ریجنل یونین آف جرنلسٹس ورکرز، مشتاق احمد نائب صدر آر یو جے ورکرز و جنرل سیکریٹری الیکٹرانک میڈیا ایسوسی ایشن وزیر آباد، ایوب حسن صدر سمبڑیال یونین آف جرنلسٹس ورکرز، جنرل سیکریٹری میاں شمریز سمبڑیال یونین، اظہر اقبال مغل، محمد زاہد، چوہدری موسیٰ اشفاق، محمد وسیم عطاری، حافظ محمد سلیم، محمد رمضان، ریسکیو 1122 کے عملہ اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے میں حصہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے کہا کہ اس وقت ماحولیاتی تبدیلی بہت بڑا چیلنج ہے اور اس کا سامنا کرنے کیلئے پودے لگانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے پیش نظر ہر شہری کمپیٹ اپنا قومی فرض سمجھ کر پودے لگانا ضروری ہے اور سماجی تنظیموں اور سٹوڈنٹس کو اس میں صف اول کا کردار ادا کرنا چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے عبدالکریم پارک، شہاب الدین پارک اور پسرور روڈ پر پودے لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے عبدالکریم پارک، شہاب الدین پارک اور پسرور روڈ پر پودے لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ اس سلسلے میں ایک تقریب مقامی سماجی تنظیم روز ویلفیئر آرگنائزیشن اور ریسکیو 1122 کے اشتراک سے منعقد ہوئی۔ تقریب میں گرین پاکستان کے ایوارڈ یافتہ قومی چیمپئن محمد اشفاق نذر، ڈسٹرکٹ آفیسر ایمرجنسی ریسکیو 1122 انجینئر نوید اقبال، سماجی راہنما مرزا عبدالشکور، عبدالجلیل چاچا کرکٹ، میاں سرفراز نواز، پیر غلام حسین سلطانی، میاں شمیل، چوہدری آفاق، ملک زاہد یٰسین، اظہر اقبال مغل، محمد زاہد، چوہدری موسیٰ اشفاق، محمد وسیم عطاری، حافظ محمد سلیم، محمد رمضان، ریسکیو 1122 کے عملہ اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے میں حصہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے کہا کہ اس وقت ماحولیاتی تبدیلی بہت بڑا چیلنج ہے اور اس کا سامنا کرنے کیلئے پودے لگانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے پیش نظر ہر شہری کمپیٹ اپنا قومی فرض سمجھ کر پودے لگانا ضروری ہے اور سماجی تنظیموں اور سٹوڈنٹس کو اس میں صف اول کا کردار ادا کرنا چاہیے۔

7 روز سے نارنگ شہر کی آدھی آبادی کا پانی بند اہل علاقہ بوند بوند کو ترس گئے

واپڈا کو کہتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ بلدیہ نے بجلی کا بل جمع نہیں کروایا اس لیے ٹرانسفارمر ٹھیک نہیں ہو سکتا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) 7 روز سے نارنگ شہر کی آدھی آبادی کا پانی بند اہل علاقہ بوند بوند کو ترس گئے بتایا گیا ہے کہ 7 روز قبل پانی والی ٹینکی کا ٹرانسفارمر جل گیا جو تا حال ٹھیک نہیں ہو سکا اہل علاقہ کو پینے کے صاف پانی کے حصول کیلئے شدید پریشانی کا سامنا ہے سٹی پریس کلب میں احتجاج کرتے ہوئے اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ واپڈا کو کہتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ بلدیہ نے بجلی کا بل جمع نہیں کروایا اس لیے ٹرانسفارمر ٹھیک نہیں ہو سکتا کبھی کہا جاتا ہے کہ جس جگہ ٹرانسفارمر لگا ہے وہاں بارش کا پانی جمع ہے اس لیے ٹرانسفارمر ٹھیک نہیں کر سکتے ہمیں کس جرم کی پاداش میں سزا دی جا رہی ہے خدارا ترس کھائیں اور پانی کو بحال کریں دو اداروں کی لڑائی کی سزا عوام کو مت دیں اگر بلدیہ نے بجلی کا بل جمع نہیں کروایا تو اہل علاقہ ذمہ دار نہیں ہیں یا ادارے کی نااہلی ہے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نوٹس لیں اور پانی کی بحالی کو جلد ممکن بنایا جائے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا تھرا پنجاب پروگرام صرف فوٹو سیشن تک محدود

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا تھرا پنجاب پروگرام صرف فوٹو سیشن تک محدود، تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن میں LWMC کے تھیکیدار YB پٹنی کے سی او زین گیلانی اور اسسٹنٹ مینیجر مبشر کی من مانیاں۔ شہر اور یونین کونسلز کی حالت ایک ہی بارش میں سامنے آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل کوٹ رادھا کشن کے گردنواح میں مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جس کے سبب شہر اور یونین کونسلز کے سیوریج کا نظام درہم برہم۔ بارش کے سبب نالیوں سے گندگی نکل کر باہر روڈ پر جمع، زرائع کے مطابق سی او زین گیلانی کی مون سون بارشوں میں تحصیل کوٹ رادھا کشن میں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے تھرا پنجاب پروگرام کو مزاق بنا لیا

رائیونڈ میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف و ہراس کا شکار، انتظامیہ خاموش تماشائی

گلی محلوں، بازاروں اور تعلیمی اداروں کے اردگرد آوارہ کتے جھرمٹ بنا کر گھومتے ہیں، جن میں سے بعض خطرناک حد تک جارح مزاج ہو چکے ہیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے، جس کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ خاص طور پر خواتین، بزرگ خوف کے سائے میں جینے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب، مقامی انتظامیہ کی مجرمانہ خاموشی اور بے حسی نے عوامی غصے میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گلی محلوں، بازاروں اور تعلیمی اداروں کے اردگرد آوارہ کتے جھرمٹ بنا کر گھومتے ہیں، جن میں سے بعض خطرناک حد تک جارح مزاج ہو چکے ہیں۔ گزشتہ چند دنوں میں کتوں کے کاٹنے کے متعدد واقعات رپورٹ ہو چکے ہیں، جن میں کئی معصوم بچے زخمی ہو چکے ہیں۔ لیکن افسوس کہ ابھی تک نہ تو میونسپل کمیٹی کی طرف سے کوئی مؤثر اقدامات کیے گئے اور نہ ہی کسی کتے کو قابو میں کیا گیا۔ اہل علاقہ نے شکایت کی ہے کہ بارہا درخواستیں دینے کے باوجود ٹاؤن انتظامیہ یا میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کوئی موثر مہم شروع نہیں کی گئی۔ ایک مقامی شہری نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر آوارہ کتوں کے خلاف باقاعدہ مہم شروع کی جائے، ویکسی نیشن اور نسبندی کے اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہر کو دوبارہ محفوظ بنایا جا سکے۔ اگر انتظامیہ نے اس سنگین مسئلے پر جلد از جلد ایکشن نہ لیا تو کسی بھی بڑے سانحے کا خدشہ ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

عمران خان کی رہائی یقینی ہے قوم اپنے لیڈر کی رہائشی کیلئے نکل رہی ہے

پاکستان پہنچنے پر قاسم اور سلمان کا شاندار استقبال کریں گے: چوہدری فیصل حیات پنوں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عمران خان کی رہائی یقینی ہے قوم اپنے لیڈر کی رہائشی کیلئے نکل رہی ہے پاکستان پہنچنے پر قاسم اور سلمان کا شاندار استقبال کریں گے عمران خان نے قوم کیلئے سالہا سال جدوجہد کی قوم کو جگایا ان کو حق لینا سکھایا پاکستان کو نیا سسٹم دیا مگر افسوس کہ کچھ لوگوں کو پسند نہ آیا عمران خان سمیت دیگر قیادت کو ناجائز جیلوں میں منتقل کیا گیا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کو جیل میں ظلم وجبر کا نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی زور زبردستی سے فیصلہ تبدیل کروانے کیلئے بہت کچھ کیا گیا لیکن عمران خان ڈٹے رہے قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔

اعتماد و بھروسے کا فروغ مہذب معاشرے کی بنیاد ہے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

معاشرتی میں مثبت سوچ بلند اخلاقی اقدار کیلئے کوشاں ہیں۔ کنوینئر اتحاد گروپ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ انسان کی زندگی میں اعتماد ایک بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے جب ہم اپنی اور دوسروں کی توقعات کا احترام کرتے ہیں تو اعتماد بحال ہوتا ہے اور ایک پرامن اور مثبت معاشرہ جنم لیتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر آئے ہوئے رفقاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ جھوٹ ایک ایسی لعنت ہے جو انسانی بھائی چارے، محبت اور ہم آہنگی میں تفرقہ ڈالتی ہے اسی طرح غیبت، چغل خوری اور عیب جوئی جیسی مہلک اخلاقی خرابیاں انسان کی ساکھ اور کردار کو صفر پر لے آتی ہیں بحیثیت انسان ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے کہ ہم نہ صرف دوسروں کا احترام کریں بلکہ ایک ایسا ماحول اور پلیٹ فارم فراہم کریں جس سے انسانی اقدار کو فروغ ملے انہوں نے مزید کہا کہ جب ہم دوسروں سے کسی چیز کی توقع رکھتے ہیں تو ہمیں بھی چاہیے کہ ہم ان کی توقعات پر پورا اتریں یہی باہمی احترام اور اعتماد کا راستہ ہے جو ایک مہذب، پرامن اور بااخلاق معاشرے کا ضامن بن سکتا ہے ہماری ایک چھوٹی سی کوشش ہے کہ معاشرے میں مثبت سوچ اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیا جائے اور اس سفر میں سب کا تعاون اور رہنمائی ہم سب کو درکار ہے۔

سیاح فیملی یادوستوں وغیرہ کے ساتھ پہاڑوں و گلیشیئرز میں محتاط رہیں۔ امتیاز علی وریاہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بلوچستان میں نسلی بنیاد پر قتل عام کا ایک نیا سانحہ

بلوچستان میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے 9 افراد کے قتل کے بعد مذمتی بیانات اور فساد برپا کرنے والے عناصر سے نمٹنے کے عزائم کا اظہار جاری ہے۔ پاکستانی عوام ایسے بیانات کے عادی ہیں اور شاید کوئی انہیں پڑھنے یا ان پر غور کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتا۔ اس کے باوجود سیاست دانوں کے سرکاری مشیر دہائیوں پرانے بیانات کو از سر نو جاری کرنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے۔

کسی سانحہ کے بعد مذمت تو اہم ہے لیکن کسی ایسی حکومت کی طرف سے مذمتی بیانات کا سلسلہ ناگوار اور ناخوشگوار ہوتا ہے جو مکمل طور سے مسائل حل کرنے میں کامیاب نہ ہو رہی ہو۔ بلوچستان میں برپا شورش کو حال ہی میں 'فتنہ الہندوستان' کا نام دے کر یہ تاثر عام کرنے کی کوشش ضرور کی گئی ہے کہ بھارت کی سرپرستی میں کام کرنے والے مسلح گروہ ان کارروائیوں میں ملوث ہیں اور سیکورٹی ادارے ان کا قلع قمع کرنے میں مستعد ہیں۔ لیکن اس سوال کا جواب بہرحال موجود نہیں ہے کہ ان عناصر کے خاتمہ تک مزید کتنے انسانوں کی قربانیاں دینا ہوگی۔ اس سوال کا واضح جواب اس لیے بھی تلاش نہیں کیا جاسکتا کہ حکومت نے اب اس معاملہ کو مکمل طور سے عسکری قیادت کے حوالے کرکے ہر قسم کی سیاسی ذمہ داری سے ہاتھ کھینچ لیا ہے۔ گویا اب سرکاری پالیسی و بیانیہ یہ ہے کہ یہ سیکورٹی کا مسئلہ ہے اور سیکورٹی فورسز ہی اس سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

یہاں یہ بھی نوٹ کرنے کی ضرورت ہے کہ جمعرات کو ہونے والا یہ سانحہ ایک ایسے وقت میں رونما ہوا ہے جب راولپنڈی میں کور کمانڈرز کانفرنس میں بلوچستان میں امن و امان کے سوال پر غور کیا گیا۔ بدھ کے روز منعقد ہونے والی کانفرنس میں آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا تھا کہ 'پاکستان سے شکست کے بعد اب بھارت فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی پراکسیز کے ذریعے اپنے مذموم ایجنڈے کو مزید آگے بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ انڈین حمایت یافتہ اور سپانسرڈ پراکسیز کے خلاف ہر سطح پر فیصلہ کن اور جامع کارروائیاں جاری رکھنا ناگزیر ہے'۔ گویا ایک طرف پاک فوج کے لیڈر ملک میں جنگ کی طرز پر بپا کی گئی دہشت گردی کے خلاف لڑنے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے تو دوسری طرف شرپسند عناصر اپنے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے مورچہ بندی کر چکے تھے۔ یہ صورت حال پاک فوج کے لیے بھی کسی حد تک شرمندگی کا سبب ہونی چاہیے کہ عوام کو سلامتی اور ایک خطرناک پیچیدگی سے محفوظ رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے، وہ مسلح ٹولوں سے عام شہریوں کی حفاظت میں کامیاب نہیں ہوسکی۔

اس حملے کی ذمہ داری 'فتنہ الہندوستان' سے تعلق رکھنے والی کالعدم تنظیم بلوچستان لبریشن فرنٹ نے قبول کی ہے۔ تنظیم کے ترجمان نے کہا ہے کہ اس کے جنگ جوؤں نے موسیٰ خیل مگسی اور نجوری کے درمیان شاہراہ کو بند کرنے کے بعد ان 9 مسافروں کو قتل کیا۔ مسافروں کو بلوچستان سے پنجاب جانے والی دو مسافر بسوں سے اتارا گیا۔ یہ واقعہ جمعرات کی شام سرہ ڈاکٹی نامی علاقے میں کوئٹہ کو ڈیرہ غازی خان سے ملانے والی قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں مسلح افراد نے ناکہ بندی کر رکھی تھی۔

اپریل میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں دہشت گردی کا واقعہ ہونے کے بعد جب بھارتی حکومت نے پاکستان پر الزامات کا سلسلہ شروع کیا تھا تو پاکستان نے اسے بھارتی انٹیلی جنس ناکامی قرار دیتے ہوئے سوال اٹھایا تھا کہ ان مسلح افراد کو سیاحوں کے علاقے میں جانے سے روکا کیوں نہیں گیا۔ اس کے علاوہ یہ سوال بھی اٹھایا جاتا رہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر پر طویل عرصہ سے بھارتی فوج کا کنٹرول ہے، اس لیے حیرت ہے کہ اس کے پاس مسلح افراد یا گروہوں کی منصوبہ بندی و نقل و حرکت کے بارے میں معلومات موجود نہیں تھیں۔ پاکستان کا موقف تھا کہ بھارتی حکومت اپنے لوگوں کو دھوکا دینے اور ناکامی کی خفت مٹانے کے لیے اس کا الزام پاکستان پر عائد کر رہی ہے۔ اب یہی سوال گزشتہ روز بلوچستان میں ہونے والی خوں ریزی کے بارے میں پوچھا جاسکتا ہے۔ پاکستانی فوج بھی کسی دہائیوں سے بلوچستان کے معاملات میں دخیل ہے اور وہاں کا سیاسی عمل بھی کسی حد تک فوجی قیادت کی مرضی و منشا سے ہی مکمل ہوتا ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ شہریوں پر حملہ کرنے اور انہیں نسلی شناخت کی بنیاد پر چن چن کر قتل کرنے والے عناصر کی نقل و حرکت پر نظر کیوں نہیں رکھی جاتی؟ اور کیا وجہ ہے کہ شہریوں کو لے جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ کو کیوں مکمل سیکورٹی فراہم نہیں ہوتی۔

ہر افسوسناک وقوعہ کے بعد سخت اقدام کرنے اور ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی بات تو کی جاتی ہے لیکن مرنے والوں اور ان کے پسماندگان کو ان دعوؤں یا کارروائیوں سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ اس کے لیے اہم ہے کہ اگر صوبے میں سیکورٹی کی صورت حال موجود ہے اور فوجی ادارے بھی سرگرم عمل ہیں تو انٹیلی جنس کو مستحکم کیا جائے تاکہ کسی سانحہ کے بعد کارروائی کا اعلان نہ ہو بلکہ قتل و غارت گری کا ارادہ کرنے والے عناصر کا پہلے سے ہی قلع قمع کر دیا جائے۔ یقیناً ملک کے سیکورٹی ادارے اور ان سے وابستہ افراد جان کی بازی لگا کر ملک سے دہشت گردی ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں

لیکن یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کی منصوبہ بندی میں ضرور کچھ کمزوریاں موجود ہیں جن کی وجہ سے ملک میں خوں ریزی کا سلسلہ جاری ہے اور کچھ عرصے بعد چند نئے گھروں میں صف ماتم بچھی دکھائی دیتی ہے۔

اس حوالے سے دو پہلوؤں کی طرف نشان دہی کی جاسکتی ہے۔ ایک تو اس معاملہ کا سیاسی پہلو ہے۔ حکومت بلوچستان میں امن و مان کی ذمہ داری فوج کے حوالے کرکے سمجھنے لگی ہے کہ وہ اپنے فرض سے سبک دوش ہوگئی ہے۔ حالانکہ کسی مسئلہ کو بھی صرف طاقت کے زور پر حل نہیں کیا جاسکتا۔ ہر مسلح جد و جہد یا بغاوت کے درپردہ سماجی و سیاسی ناہمواری کی وجوہات ہوتی ہیں۔ مسلح گروہوں سے نمٹنے کے لیے ضرور سخت فوجی کارروائی کی جائے لیکن سیاسی لیڈروں کو بلوچستان کے مسئلہ کا سیاسی حل تلاش کرنے کے لیے بھی کوئی ٹھوس منصوبہ سامنے لانا چاہیے۔ بلوچستان کے عوام کا سب سے بڑا مسئلہ احساس محرومی، لاپتہ افراد کے بارے میں ابہام اور صوبے کے قدرتی وسائل میں حصہ کے حوالے سے عدم اطمینان سے متعلق ہے۔ سیاسی حکومتیں ان تینوں مسائل کو مناسب توجہ دے کر حل کرسکتی ہیں۔ لیکن دیکھا گیا ہے کہ لاپتہ افراد کے معاملہ میں جان بوجھ کر صورت حال غیر واضح رکھی جاتی ہے۔ یہ سمجھنے سے انکار کیا جاتا ہے کہ جن گھروں سے لوگوں کو اٹھا لیا گیا ہے اور ان کے بارے میں سال ہا سال سے کوئی خبر ہی نہیں ہے، وہاں کیسا خوف و پریشانی موجود ہوگی۔

وزیر اعظم سمیت تمام سیاسی لیڈر اس حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول کرنے کی بجائے ہمیشہ ٹال مٹول سے کام لیتے ہیں۔ یہ رویہ عوام میں بے چینی اور ریاست سے بدگمانی پیدا کرتا ہے۔ اسی ناراضی کو ریاست دشمن عناصر یا دشمن کے ایجنٹ اپنے مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یا متاثر گھروں کے نوجوان اس پریشان کن حالات میں انتہا پسند عناصر کا آلہ کار بن سکتے ہیں۔ اس صورت حال سے نبٹنے کے لیے سیاسی قائدین کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ جب ہر قومی و عالمی پلیٹ فارم پر ملک میں جمہوریت کا چرچا کیا جاتا ہے تو اس کا تقاضا ہے کہ یہ معاملہ محض دعوؤں تک محدود نہ رہے بلکہ عوامی لیڈر عوام کی طرف سے عائد ذمہ داریوں کو قبول کریں اور انہیں ادا کرتے دکھائی دیں۔ عدم اعتماد و بے چینی ختم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ وزیر اعظم ہر ماہ میں چند روز کے لیے بلوچستان میں کیمپ آفس میں موجود ہوں، جہاں مقامی عمائدین و معاشرے کے نمائندے انہیں زمینی حقائق سے آگاہ کریں۔ اس سے ایک تو لوگوں میں حکومت پر اعتماد پیدا ہونے لگے گا،

حمیرا اصغر: اے زندگی تیرے انجام پہ رونا آیا

عبدالستار (میاں چنوں)

ہم عہد "بے حسی" میں جی رہے ہیں، آسائشوں کے انبار ہیں لیکن انسان تنہا ہوتے جارہے ہیں، سائنس و ٹیکنالوجی کی بدولت فاصلے تو سمٹ گئے لیکن انسان ایک دوسرے سے کوسوں دوری پر چلے گئے، تنہا موت بھی تو خود کشی کے مترادف ہوتی ہے بلکہ خودکشی سے بھی زیادہ اذیت ناک ہوتی ہے، ہائے! اس سے بڑی بے حسی اور کیا ہوسکتی ہے کہ انسان ہجوم میں بھی تنہا رہ جائے اور بنا کچھ بتائے مر جائے۔

ٹی وی اور تھیٹر کی مشہور اداکارہ حمیرا اصغر جو اپنے فلاحی کاموں کی وجہ سے بھی منفرد تھی گمنامی کی موت کا شکار ہوگئی، کئی روز پرانی لاش کراچی کے ایک پوش علاقے ڈیفنس میں ان کے فلیٹ سے برآمد ہوئی، عدالتی حکم پر بیلف کی جانب سے فلیٹ کا دروازہ کھولا گیا تو شدید بو پھیل گئی، اندر سے اداکارہ کی ناقابل شناخت حالت میں لاش ملی جو کہ کئی روز پرانی ہونے کی وجہ سے گل چکی تھی۔

موت کی وحشت اپنی جگہ پر لیکن تنہائی کے کرب ایسا کوئی درد نہیں ہوتا جو انسان کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتا ہے، شنید ہے کہ اداکارہ ایک طویل عرصہ سے تنہا رہ رہی تھی، اس سے پہلے معروف اداکارہ عائشہ خان بھی گمنامی کی موت کا شکار ہوئیں، ایک فلیٹ میں تنہائی کا کرب کاٹتے ہوئے ایک دن مرگئی، کئی روز بعد فلیٹ سے لاش ملی۔

ہائے! یہ کیسا سفاک سماج ہے کہ جہاں انسان گمنامی کی موت مرنے لگے ہیں، یہ کیسی موت ہے جس کا نہ کوئی گواہ ہے اور نہ ہی رشتوں کا کوئی ساتھ؟

کچھ روز پہلے ایک فیملی نے اپنی بیٹی کو محض اس وجہ سے موت کی آغوش میں پہنچا دیا کیونکہ وہ ایک ٹک ٹاکر تھی اور اپنے ڈیجیٹل اکاؤنٹ معطل نہیں کر رہی تھی۔

چند روز پہلے ایک اور خوبصورت بیٹی ثناء یوسف بھی ایک ظالم کی سفاکیت کی نذر ہوگئی تھی، بیٹیوں کے لیے یہ سماج اب رہنے کے قابل نہیں رہا، بیٹا جیسا بھی ہو چلے گا لیکن بیٹی پرفیکٹ، عزت و عصمت کے معیار پر پوری اترنے والی ہو ورنہ خاندانی عزت و وقار کی موت ماری جائے گی۔

شنید ہے کہ حمیرا اصغر کے ورثاء نے لاش کی سپردگی سے انکار کر دیا ہے، کہتے ہیں کہ ان کی فیملی میں ڈاکٹر خاصے ہیں، لیکن حمیرا نے روایتی رجحان سے منہ موڑتے ہوئے آرٹسٹ بننے کا فیصلہ کیا، ممکن ہے اس کا یہ فیصلہ ہی اسے تنہائی میں لے گیا ہو کون جانے؟

یہ کیسا سماج ہے کہ جہاں قل، ساتواں دسواں، چالیسواں اور سالانہ پر تو مرحوم کی یاد میں طرح طرح کے کھانے پکائے جاتے ہیں لیکن رشتوں کی اہمیت کا یہ حال ہے کہ زندگی میں ہی سب رشتے دار دوسروں کی زندگیوں سے لاتعلق ہو جاتے ہیں، یہ کس طرح کا ظالم معاشرہ بن چکا کہ یہاں مرنے کی اطلاع کا انتظار کیا جاتا ہے تاکہ تعزیتی پیغامات کا ایک سلسلہ چل سکے۔

اس طرح کے بے حس سماج میں بیٹی کے پیدا ہونے پر اس کا کوئی نام رکھنے کی کیا ضرورت ہے بس اس کا نام ہی "دکھ" رکھ دیا جائے تاکہ مندرجہ

مال گاڑی میں امانتیں

الطاف حسن قریشی

ہماری تاریخ بالعموم تلوار، تاج اور تخت کے گرد گھومتی رہی ہے اور بڑے بڑے نام، فتوحات، معاہدے اور انقلابات ہمارے حافظے کا حصہ ہیں، جبکہ اصل تاریخ اکثر اُن گمنام کرداروں کے اردگرد پروان چڑھتی ہے جو زمین کی خاموش رگوں میں خون کی طرح رواں دواں رہتے ہیں۔ اُنہی خاموش کرداروں میں سے ایک نام چودھری محمد اسمٰعیل کا ہے جن کی بے مثال قربانی، فرض شناسی اور دیانت داری کو محمد حنیف بندھانی نے اپنی کتاب 'مال گاڑی میں امانتیں' میں زندۂ جاوید بنا دیا ہے۔ یہ کتاب اُس عظیم شخصیت کی سوانح سے کہیں زیادہ ہجرت، تعمیرِ وطن اور قومی وقار کے مظاہر کی ایسی روح پرور داستان ہے جس سے آج کی نسل بہت کچھ سیکھ سکتی ہے۔ یہ بظاہر ایک تاریخی اور سوانحی کتاب ہے، لیکن درحقیقت وہ قومی شعور اور اجتماعی حافظے کی بازیافت ہے۔ اِس میں مصنّف نے اپنے والد محترم کے تجربات اور ایثار کے حیرت انگیز واقعات اور مشاہدات کو صرف ذاتی خراجِ عقیدت کی صورت میں بیان نہیں کیا بلکہ اُنھیں پورے برصغیر کی تاریخ، قیامِ پاکستان کے پس منظر اور ایک نئی مملکت کے ابتدائی عہد کے سماجی اور اِنتظامی سانچوں سے جوڑ دیا ہے۔

یہ تحریر اِس لیے اہمیت کی حامل ہے کہ قاری کو ابتدا ہی سے اِس حقیقت کا ادراک ہو جاتا ہے کہ وہ صرف ایک انسان کی کہانی پڑھنے کے بجائے ایک عظیم الشان دور کی روحانی اور اَخلاقی عظمت سے روشناس ہونے جا رہا ہے۔ ایسے ایک دور کی جیتی جاگتی کہانی، جب نقل مکانی ایک آزمائش، ہجرت ایک عقیدے اور اَمانت داری ایک جہاد کا درجہ رکھتی تھی۔ قیامِ پاکستان ایک سیاسی حقیقت کے ساتھ ساتھ ایک زبردست روحانی تجربہ بھی تھا۔ لاکھوں مسلمانوں نے تاریخ کی سب سے بڑی ہجرت کی، جان و مال کی قربانی دی اور خون کے دریا عبور کیے۔ 'مال گاڑی میں امانتیں' اِس عظیم تجربے کا ایک لازوال مرقع ہے۔ تقسیمِ ہند کے دوران دہلی سے کراچی، لاہور اور دیگر شہروں تک سرکاری افسروں کی ذاتی اور سرکاری قیمتی اشیا کی محفوظ منتقلی قومی فریضہ اور سخت آزمائش بن گئی تھی۔ یہ کتاب ہمیں بتاتی ہے کہ قیامِ پاکستان کے جاں گسل معرکے میں ہزاروں ایسے نامعلوم چہرے تھے جنھوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر قوم کے خوابوں کی ایک خوش آئند تعبیر فراہم کی۔ چودھری محمد اسمٰعیل بھی اُن گمنام معماروں میں شامل تھے۔

چودھری محمد اسمٰعیل کا کردار کتاب میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ پیشے کے اعتبار سے ٹھیکے دار تھے، مگر اُن کی شخصیت میں ایمانداری، حب الوطنی، خدمتِ خلق اور فرض شناسی کی وہ صفات پائی جاتی تھیں جو آج کی دنیا میں ناپید ہوتی جا رہی ہیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد جب نوزائیدہ ریاست کسی قدر ناتجربہ کاری، بدانتظامی اور لُوٹ مار کا شکار تھی، اُس وقت ایسی کامل شخصیتوں کا کردار سامنے آیا جنھوں نے کسی قسم کی سرکاری مراعات خاطر میں لائے بغیر ضمیر کی آواز پر لبیک کہا۔ اِس تصنیف کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ مصنّف نے اپنے والد کی خدمات کے تذکرے کے ساتھ ساتھ اُس دور کی انسان دوستی، بین المذاہب احترام اور اَخلاقی اقدار کی روح پرور جھلک بھی دکھائی ہے۔ وائسرائے ہند کی طرف سے ایک عام ملازم کی تیمارداری، دوا کی فراہمی اور مسلسل نگرانی محض ایک سادہ واقعہ نہیں، بلکہ اُس دور کی انسان دوستی کا ایک آئینہ ہے۔ اِسی طرح رام سرندر داس جیسے ہندو دوست کا ذکر اِس حقیقت کی گواہی دیتا ہے کہ تقسیمِ ہند سے قبل برصغیر میں مذہب سے بالا تر ہو کر اِنسانی رشتوں کو اَہمیت دی جاتی تھی۔ یہ وہ تہذیبی رویّہ تھا جو آج کی نفرت زدہ سیاست اور گہری سماجی تفریق کے دور میں ازحد ضروری ہے۔

مصنّف نے اپنی ماں، دادی، بہن اور دیگر اہلِ خانہ کے حوالے سے جو واقعات بیان کیے ہیں، وہ قیامِ پاکستان کے وقت ہونے والے خوں آشام فسادات کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں۔ ہندو بلوائیوں کے قلم کے پہاڑ توڑنا، مسلمانوں کے گھروں کو نذرِ آتش کرنا، معصوم بچوں اور عورتوں کا خون بہانا اور انگریز افسران کا ایک حد تک غیر جانبدارانہ کردار ادا کرنا، یہ سب کچھ مصنّف نے بڑی بے ساختگی اور دِل چھو لینے والے انداز میں بیان کیا ہے۔ مصنّف کی ماں کا ایثار جب وہ پناہ گزینوں میں کھانے پینے کی اشیا بانٹتی ہیں، اُن کے اعلیٰ انسانی جذبے کا مظہر ہے۔

محمد حنیف بندھانی کا اسلوب انتہائی سادہ، رواں اور موثر ہے۔ وہ قاری کے جذبات کو گرفت میں لینے کا فن جانتے ہیں۔ اُن کی تحریر میں ایک ایسی سچائی ہے، جو تصنع اور جذباتی مبالغہ آرائی سے پاک ہے۔ وہ تاریخ بیان کرنے کے ساتھ ساتھ، اِسے محسوس کروانے کا ہنر بھی رکھتے ہیں۔ 'مال گاڑی میں امانتیں' ایک دستاویزی شہادت ہے جو ہماری نئی نسلوں کے لیے ایک گراں قدر سرمایہ ہے۔ ہمارے نوجوان صرف سوشل میڈیا اور زبانی روایات کے ذریعے تاریخ سے واقفیت حاصل کرتے ہیں۔ اِس اعتبار سے یہ کتاب مستقبل کی رہنمائی کا ایک معتبر وسیلہ ہے۔

وہ قومیں جو اپنے خاموش ہیروز کو بھی یاد رکھتی ہیں، وہی تاریخ میں زندہ رہتی ہیں، لہٰذا یہ وقت کا اہم تقاضا ہے کہ یہ بیش قیمت دستاویز نیشنل آرکائیوز میں محفوظ کر لی جائے۔ اِس کے علاوہ چودھری محمد اسمٰعیل کو اُن کی عظیم الشان قومی خدمات پر اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے نوازا جائے۔ اِس سے اُن درخشندہ روایات کو اِستحکام اور فروغ حاصل ہوگا کہ پاکستانی قوم اپنے محسنوں کی پوری قدر کرتی ہے۔

ہمارے خیال میں کتاب کے مصنّف جناب محمد حنیف بندھانی کی غیر معمولی کاوش کو بھی قومی سطح پر سراہا جانا چاہیے کہ اُنہوں نے قیمتی دستاویزات کی اچھی طرح حفاظت بھی کی اور وہ تمام واقعات بھی قلمبند کر دیے جو اُنہوں نے اپنے بچپن میں اپنے والد محترم کے متعلق نہایت قریب سے دیکھے تھے۔ حنیف صاحب نے اپنے والدین کی تربیت سے جو کچھ سیکھا، اُسے اپنی زندگی کا قابل رشک حصّہ بنا لیا۔ علم سے گہرا لگاؤ، انسانوں کی عزت اور فلاحی کاموں میں فراخ دلانہ شرکت اُن کا ایک ایسا طرزِ حیات ہے جو ماحول میں تخلیقی عمل کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اُنہیں اردو اَدب کے علاوہ انگریزی لٹریچر سے بھی گہری دلچسپی ہے۔ اُنہوں نے ایس ایم لا کالج کراچی سے ایل ایل بی کیا جس کے اساتذہ میں عالمی شہرت کے حامل جناب اے کے بروہی بھی شامل تھے۔ 'مال گاڑی میں امانتیں' کو منظرِ عام پر لانے میں نامور کالم نگار جناب محمود شام نے بنیادی کردار اَدا کیا، وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

بھارت کی جارحیت اور پاکستان کی خاموشی

جنوبی ایشیا کی سیاست ایک مرتبہ پھر ایسے موڑ پر آن کھڑی ہوئی ہے جہاں جنگ اور امن کی سرحدیں دھندلا رہی ہیں۔ بھارت کی جانب سے حالیہ دنوں میں اپنائی جانے والی جارحانہ ڈاکٹرائن کا نچوڑ یہ ہے کہ اگر بھارت میں دہشتگردی ہوگی تو وہ خود فیصلہ کرے گا کہ کس پر حملہ کرنا ہے۔ یہ اعلان بین الاقوامی قانون، اقوامِ متحدہ کے چارٹر اور مہذب دنیا کی تمام سفارتی روایتوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

پاک بھارت جنگی تصادم کے بعد سے حکومت پاکستان بھارت کو مشورہ دیتی رہی ہے کہ وہ تصادم کا راستہ اختیار نہ کرے اور پاکستان کے ساتھ مقبوضہ کشمیر کے مستقبل سمیت تمام معاملات طے کر لے۔ تاہم بھارت کے طرف سے اس بارے میں کوئی حوصلہ افزا جواب موصول نہیں ہوا۔ بھارت نے گزشتہ دو ماہ سے مسلسل یہی رٹ لگائی ہے کہ پہلگام کا سانحہ پاکستان کی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کا نتیجہ تھا اور اسی کی وجہ سے خطے کے حالات خراب ہیں۔ کیونکہ پاکستان مسلسل دہشتگردی کی سرپرستی کرتا ہے۔

یہ معاملہ اس حد تک سنگین ہے کہ پاکستان کے خلاف 7 مئی کو ہونے والا آپریشن سندور جنگ بندی کے باوجود جاری رکھنے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ یعنی بھارت کسی وقت بھی موقع ملتے ہی دوبارہ حملوں کا آغاز کر سکتا ہے۔ اس حوالے سے بھارت نے یہ موقف بھی اختیار کیا ہے کہ اگر بھارت میں کوئی بھی دہشتگردی ہوتی ہے تو اس کا ذمہ دار پاکستان کو سمجھا جائے گا اور اس کے جواب میں حق دفاع کے تحت باقاعدہ حملہ کرے گا۔ گویا بھارت نے یہ ڈاکٹرائن متعارف کرائی ہے کہ اگر کسی ملک میں کوئی دہشتگردی ہوتی ہے، خاص طور سے بھارت میں کوئی وقوعہ ہوتا ہے تو بھارت کو حق ہے کہ وہ اس ملک پر حملہ کرے جس کے بارے میں اسے شبہ ہے کہ اس کی طرف سے یہ کارروائی کی گئی تھی۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ بھارت نے پہلگام کے سانحہ کے کوئی شواہد پیش نہیں کیے لیکن پاکستان پر الزام لگاتے ہوئے بلا اشتعال حملہ کر دیا۔ اگرچہ یہ خطرناک طرز عمل ہے لیکن حالات کو سمجھنے کے لیے ماننا ضروری ہے کہ اس وقت بھارت نے یہی ڈاکٹرائن اختیار کی ہوئی ہے۔ کن ممالک کے ذریعے بھارت کو عقل آتا۔

کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا موقف اصولی ضرور ہے مگر اس پر عمل درآمد کی کوئی پالیسی نظر نہیں آتی۔ پاکستان، آزاد کشمیر کو ایک خودمختار ماڈل بنا کر کشمیری قیادت کو عالمی سفارتی محاذ پر کھڑا کرنے کی پالیسی اختیار نہیں کر سکا۔ حالانکہ اس طریقے سے پاکستان عالمی برادری کو یہ دھکا سکتا تھا کہ وہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کا سچا علمبردار ہے۔ اور کسی جغرافیائی توسیع پسندی کے لیے اس مسئلے کو زندہ نہیں رکھنا چاہتا۔

اس وقت کشمیر کا ایک حصہ بھارت کے قبضے میں ہے جسے پاکستان 'مقبوضہ' قرار دیتا ہے۔ اور ایک حصے پر پاکستان قابض ہے جسے بھارت والے 'مقبوضہ' کہتے ہیں۔ ان حالات میں دنیا کے لیے یہ سمجھنا ممکن نہیں ہے کہ کشمیر پر کس کا حق ہے۔ کیوں کہ بظاہر دونوں ممالک کشمیر پر کشمیریوں کی بجائے اپنا حق جتانا چاہتے ہیں۔ اگرچہ پاکستان کشمیریوں کے حق خود ارادی کی بات کرتا ہے جسے 1948 میں اقوام متحدہ کی قراردادوں میں تسلیم کیا گیا تھا۔ لیکن وہ اس حقیقت کو نظرانداز کرتا ہے کہ پچھتر سال گزر جانے کے بعد نئی کشمیری نسلیں نئے حقائق میں پروان چڑھی ہیں اور وہ کشمیر کے مسئلہ کو پاکستان یا بھارت کے چشمے سے نہیں دیکھتیں۔

پاکستان بوجوہ نئے حقائق پر غور کرنے اور ان کے مطابق اپنی کشمیر پالیسی مرتب کرنے میں ناکام رہا ہے۔ اسی لیے اب بھی کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ کہہ کر قوم کو مطمئن کرنے کی کوشش کی جاتی ہے حالانکہ یہ دعویٰ ناقابل عمل اور غیر حقیقی ہے۔ بالفرض پاکستان کا یہ مطالبہ مان لیا جاتا ہے کہ ریفرنڈم کے ذریعے کشمیری باشندے پاکستان یا بھارت کے ساتھ شامل ہونے کا فیصلہ کرلیں تو یہ نئی کشمیری نسلوں پر ایک ایسا خواب مسلط کرنے کے مترادف ہوگا جو شاید ان کے پرکھوں نے 48۔ 1947 کے حالات میں دیکھا تھا۔ اور جو بوجوہ پورا نہیں ہوسکا۔

پاکستان کو اس مسئلہ کی عملی صورت پر بھی غور کرنا چاہیے۔ اقوام متحدہ کی جن قراردادوں پر عمل کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے، ان میں ریفرنڈم کے لیے خطہ ڈی ملٹرائز کیا جائے گا۔ اور پہلے پاکستان کی فوج کشمیر کے ان حصوں سے نکلے گی جن پر 1947 میں ہونے والی جھڑپوں کے دوران قبضہ کیا گیا تھا۔ اس کے بعد بھارتی فوج کشمیر سے انخلا کرے گی۔ اور کسی غیر جانبدار فورس کی موجودگی میں

پاک بھارت تعلقات میں تصادم و مفاہمت کے زاویے

قسط نمبر (2)

حالانکہ تبدیل ہوتے ہوئے جیو پولیٹیکل حقائق میں بھارت کو دو دراز موجود ممالک کے ساتھ اشتراک سے پہلے خطے میں اپنے ہمسایہ اور قریبی ممالک کے ساتھ دوستی و مفاہمت کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ چین تو اب بھی بھارت کا اہم تجارتی پارٹنر ہے اور وہ دیگر ملکوں کی طرح بھارت میں بھی کثیر سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ پاکستان، چین و بنگلہ دیش کے درمیان تعاون کی بنیاد بھارت دشمنی نہیں ہے۔ بلکہ مناسب سیاسی و سفارتی اقدامات کے ذریعے بھارت بھی اس اشتراک کا حصہ بن سکتا ہے جو اس خطے میں دنیا کی ایک تہائی آبادی کے لیے خوشگوار وقوعہ ہوگا۔

یہ راستہ ان اشاروں میں تلاش کیا جاسکتا ہے جو پاکستان کے سابق وزیر خارجہ اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ روز بھارتی صحافی کرن تھاپڑ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کیے ہیں۔ بدقسمتی سے اس انٹرویو کے دوران مجھے ہوئے اور عالمی شہرت یافتہ صحافی کرن تھاپڑ کا طرز عمل بچگانہ اور یک طرفہ تھا۔ بلاول بھٹو نے انٹرویو کے دوران ہی اس



تحریر
روپ چند سکرانی

کی وضاحت یوں کی کہ کسی بھارتی صحافی کے لیے کسی پاکستانی نمائندے کو اپنے شو میں مدعو کرنا آسان نہیں ہوسکتا۔ بلاول بھٹو زرداری نے متوازن اور سلجھے ہوئے انداز میں براہ راست بھارتی عوام کو مخاطب کیا اور کہا کہ ہمیں نسل در نسل کشمیر، پانی کی تقسیم اور دہشت گردی کے مسئلوں میں الجھے رہنے کی بجائے، ماضی سے نکلنے اور ایک قدم آگے بڑھا کر بات چیت کے ذریعے تمام مسائل حل کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ

حمیرا اصغر: کمرے میں فقط ان کہی باتوں کا دکھ رچا ہے!

تبسم گل قسط (2)

(حمیرا اصغر کی مثال کے تناظر میں ایک سماجی و نفسیاتی جائزہ)

دوسری طرف، وہ جرائم جن پر ہمارے معاشرے کو واقعتاً آواز بلند کرنا چاہیے جیسے زنا بالجبر، ایکسٹرا میریٹل ریلیشنز، مذہبی اداروں میں بچوں کے ساتھ بدفعلی کے کیسز، یا مہذب طبقے کے خفیہ اخلاقی جرائم وغیرہ تو وہ یا تو نظرانداز کیے جاتے ہیں یا ان پر چپ سادھ لی جاتی ہے۔ اس تضاد کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم ظاہری شرافت اور اندرونی سڑاند کے درمیان جکڑے ہوئے ہیں۔ ہمیں یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم واقعی اخلاقی اقدار کے محافظ ہیں، یا صرف انفرادی آزادی اور حق انتخاب کے دشمن بن چکے ہیں، خاص طور پر جب بات عورتوں کے کردار یا ان کے پیشے کی ہو۔ یہ رویہ نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ ایک بیمار ذہنیت کا عکاس ہے، جس کا علاج اجتماعی سماجی خود احتسابی سے ہی ممکن ہے۔

حمیرا جیسے کیسز کو بنیاد بنا کر فیمنزم کو غلط رخ دینا نہ صرف فکری دیانت داری کے خلاف ہے بلکہ یہ خواتین کے آئینی اور اخلاقی حقوق پر حملہ بھی ہے۔ یہ کہنا کہ "تعلیم یافتہ لڑکی ماڈل بن گئی، یہ فیمنزم کا نتیجہ ہے"، ایک گھٹی سوچ ہے جو نہ فیمنزم کو سمجھتی ہے اور نہ اس عورت کی داخلی جدوجہد کو۔

اس مسئلے کا حل کثیر جہتی ہے کہ ہمیں تعلیم کو صرف نوکری حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں سمجھنا چاہیے، بلکہ اس کو خود ارادیت، خود شعوری اور معاشرتی فیصلہ سازی کا ذریعہ ماننا چاہیے۔ سماجی رویوں میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔ میڈیا، فلم اور ادب کو استعمال کرکے ماڈلنگ جیسے پیشوں کے مثبت پہلو اجاگر کرنے ہوں گے۔ والدین اور رشتہ داروں کو یہ سکھانا ہوگا کہ ان کی بیٹی یا بہن اگر ماڈل بننا چاہتی ہے، تو وہ اس کا حق ہے، اور اس حق کی حفاظت خود ان کی ذمہ داری ہے۔ ایسے ادارے اور سوسائٹیز بننی چاہئیں جو ماڈلز اور اداکاراؤں کو قانونی، سماجی اور نفسیاتی مدد فراہم کریں۔

حمیرا ایک ایسی تعلیم یافتہ مصور ماڈل و اداکارہ تھی، جس نے روایتی سوچ کے خلاف اپنی راہ بنائی۔ انہوں نے یونیورسٹی کی سطح تک تعلیم حاصل کی، اور وہ جانتی تھیں کہ میڈیا اور ماڈلنگ ان کی دلچسپی کا مرکز ہیں۔ انہوں نے جب ماڈلنگ کا انتخاب کیا، تو انہیں شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ بعض اوقات خاندان کی طرف سے بائیکاٹ،

انٹرنیشنل



غزہ: الشفاء اسپتال کے باہر جنازے کے جلوس سے قبل اسرائیلی حملے میں ہلاک ہونے والے فلسطینیوں نے کفن پوش لاش اٹھا رکھی ہے۔



غزہ: اسرائیلی قابض افواج مشرقی غزہ اور شمالی غزہ کی پٹی میں مشرقی جبالیہ البلاد میں رہائشی عمارتوں کو مسمار کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں

ٹرمپ کا یوکرین کو روس کیخلاف پیٹریاٹ ائیر ڈیفنس سسٹم دینے کا اعلان

واشنگٹن: (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روسی حملوں سے مقابلے کیلئے یوکرین کو پیٹریاٹ ایئر ڈیفنس سسٹم فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ امریکا یوکرین کو پیٹریاٹ ایئر ڈیفنس سسٹم فراہم کرے گا تاکہ وہ روسی حملوں کا مقابلہ کر سکے، ہم یوکرین کو پیٹریاٹ دفاعی سسٹم بھیجیں گے، جن کی انہیں اشد ضرورت ہے۔ ٹرمپ کے مطابق یہ ہتھیار ایک نئے معاہدے کے تحت یوکرین کو بھیجے جائیں گے،

سعودی عرب عالمی سیاحتی آمدنی میں سرفہرست، عالمی درجہ بندی کا نیا ریکارڈ قائم

سنہ 2025 کی پہلی سہ ماہی میں سیاحوں کی آمد میں 102 فیصد اضافہ، مشرق وسطیٰ میں دوسرے نمبر پر

ریاض (این این آئی) سعودیہ نے سال 2025 کی پہلی سہ ماہی میں بین الاقوامی سیاحوں سے حاصل ہونے والی آمدنی میں دنیا بھر میں سب سے زیادہ ترقی کا اعزاز حاصل کر لیا ہے۔ اقوام متحدہ کی سیاحت کی تنظیم UN Tourism کی جانب سے مئی 2025 میں جاری کردہ عالمی سیاحت بیرومیٹر رپورٹ کے مطابق یہ کارنامہ 2019 کی اسی مدت کے مقابلے میں حاصل کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد میں اضافے کے لحاظ سے بھی سعودیہ دنیا بھر میں تیسرے نمبر پر رہا، جبکہ مشرق وسطیٰ کے خطے میں یہ دوسرا بڑا ملک ثابت ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق سال 2025 کی پہلی سہ ماہی میں سعودیہ میں بین الاقوامی سیاحوں کی آمد میں 102 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جو کہ نہ صرف عالمی اوسط 3 فیصد بلکہ مشرق وسطیٰ کے 44 فیصد اضافے سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ اس نمایاں کارکردگی نے سعودیہ کی عالمی اور علاقائی سیاحتی قیادت کو مزید مستحکم کیا ہے۔ عالمی سیاحتی اشاریوں میں سعودیہ کی سبقت اس بات کا ثبوت ہے کہ مملکت میں سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لیے کی جانے والی کاوشیں مثر ثابت ہو رہی ہیں۔ یہ پیش رفت سعودی ویژن 2030 کے تحت مقرر کردہ بلند ہدف کے حصول کی جانب مضبوط قدم ہے۔ عالمی سیاحتی اشاریوں میں سعودیہ کی سبقت اس بات کا ثبوت ہے کہ مملکت میں سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لیے کی جانے والی کاوشیں مثر ثابت ہو رہی ہیں۔ یہ پیش رفت سعودی ویژن 2030 کے تحت مقرر کردہ بلند ہدف کے حصول کی جانب مضبوط قدم ہے۔

غزہ کے لیے امدادی سامان لے کر حنظلہ نامی کشتی اٹلی سے روانہ

انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے 15 کارکن کشتی پر موجود ہیں، غیر ملکی میڈیا

روم (این این آئی) اٹلی کی بندرگاہ سسلی سے انسانی حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والے کارکنوں اور امدادی سامان کی حنظلہ نامی کشتی غزہ کے لیے روانہ ہوئی جسے اسرائیلی فوج نے مسلسل ناکہ بندی کا نشانہ بنا رکھا ہے اور اقوام متحدہ کے مطابق وہاں قحط کا سامنا ہے۔ اٹلی سے روانہ ہونے والی اس کشتی سے پہلے انسانی حقوق کے لیے سرگرم کارکنوں اور کچھ امدادی سامان کے ساتھ کشتی پچھلے ماہ غزہ کی طرف روانہ ہوئی تھی۔ تاہم اس کشتی کے سواروں کو اسرائیلی فوج نے پہلے گرفتار کیا پھر جبری طور پر 'ڈی پورٹ' کر دیا اور انہیں غزہ کی طرف جانے سے روک دیا گیا تھا۔ اب روانہ ہونے والی کشتی کا نام حنظلہ رکھا گیا ہے جو فریڈم فلوٹیلا اتحاد کی طرف سے روانہ کی گئی ہے اور اس نے دن کے تقریباً 12 بجے اپنے سفر کا آغاز کیا ہے۔ اس پر انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے 15 کارکن موجود ہیں۔ کشتی کے بندرگاہ سے روانہ ہونے سے پہلے درجنوں جنگ مخالف کارکنان اور انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے لوگ کشتی کو الوداع کرنے کے لیے موجود تھے۔ انہوں نے فلسطین کا روایتی کیفیہ گلے میں حمائل کر رکھا تھا اور اٹلی کی بندرگاہ فلسطین کی آزادی کے نعروں سے گونج رہی تھی۔ ناروے سے تعلق رکھنے والے ایک ٹرالر میں غزہ کے بچوں کے لیے خوراک، ادویات اور طبی آلات لائے گئے تھے۔ یہ کشتی بحر متوسط میں تقریباً ایک ہفتہ سفر کے بعد 1800 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرے گی اور اس کے بعد غزہ کے ساحل پر پہنچے گی۔ اسی سال ماہ مارچ کے شروع میں اسرائیلی فوج نے غزہ کی ناکہ بندی کر کے غزہ میں جانے والے ہر قسم کے امدادی سامان حتیٰ کہ خوراک، پانی و ایندھن کی رسائی روک رکھی ہے۔ ماہ مئی کے اواخر میں انتہائی محدود امدادی سامان اور خوراک عالمی برادری کے شور اور دبا کے بعد اسرائیلی فوج نے جانے کی اجازت دی ہے۔ کشتی کے منتظمین کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ یہ کشتی راستے میں جنوبی اٹلی کی بندرگاہ گیلی پولی میں رکے گی۔ جہاں سے فرانس سے تعلق رکھنے والے کچھ انسانی حقوق کارکنوں کے اس قافلے میں شامل ہونے کی توقع ہے۔ یہ علامتی امدادی کشتی اور غزہ کے لیے آواز اٹھانے والے کارکنوں کی یہ روانگی میڈلین نامی ایک اور اسی نوعیت کے جہاز کے ڈیڑھ ماہ بعد روانہ کی گئی ہے۔ جس کا بنیادی مقصد عالمی برادری کی غزہ کے جنگ زدہ لاکھوں افراد کی طرف توجہ دلانا اور انہیں مجبور کرنا ہے کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالیں اور فلسطینیوں کو اس مشکل صورتحال سے نجات دلانے کے لیے بیانات سے آگے بڑھ کر کچھ عملی کردار ادا کریں۔ اسرائیلی فوج نے ڈیڑھ ماہ پہلے آنے والے میڈیلین نامی امدادی جہاز کو بھی غزہ کے ساحل سے تقریباً 185 کلومیٹر پیچھے روک دیا تھا۔ اس نئی روانہ کی گئی کشتی پر سوار ایک فرانسیسی کارکن گیبریل کیتھلا نے کہا کہ اس کشتی کا مشن غزہ کے بچوں کے لیے آواز اٹھانا اور اس غیر انسانی ناکہ بندی کو توڑنے کے لیے کوشش کرنا ہے تاکہ فلسطینیوں کی نسل کشی کے خلاف جاری خاموشی کا خاتمہ کیا جا سکے۔

اسرائیلی فوج کا وسطی غزہ میں واپسی پر غور، فوجی دباؤ بڑھانے کی تیاری

نیتن یاہو فوجی دباؤ میں اضافے کے فیصلے کی طرف بڑھ رہے ہیں، عرب ٹی وی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ قابض اسرائیل کی سیاسی قیادت قطری دارالحکومت دوحہ میں جاری مذاکرات کے ناکام ہونے کی صورت میں فوج کو وسطی غزہ میں دوبارہ زمینی کارروائیاں شروع کرنے کا حکم دے سکتی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو فوجی دباؤ میں اضافے کے فیصلے کی طرف بڑھ رہے ہیں، جس کے تحت شمالی غزہ سے کارروائیوں کو وسطی غزہ کی طرف منتقل کیا جائے گا، جبکہ مقامی آبادی کو جنوب کی جانب دھکیلا جائے گا اور دیرالبلح سمیت وسطی پناہ گزین کیمپوں کا محاصرہ کیا جائے گا۔

ہم نے غزہ معاہدہ قبول کیا مگر حماس نے مسترد کر دیا، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ تل ابیب نے جنگ بندی اور قیدیوں کے تبادلے کی مجوزہ ڈیل کو قبول کر لیا تھا، لیکن حماس نے اسے مسترد کر دیا۔ اسرائیل نے امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور دیگر ثالثوں کی ترامیم کے ساتھ معاہدے پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ نیتن یاہو نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ حماس کسی بھی معاہدے کو ماننے سے انکاری ہے اور اپنی عسکری طاقت میں اضافے پر اصرار کر رہی ہے، جو کہ ہمارے لیے بالکل ناقابل قبول ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم قیدیوں کی رہائی کے لیے پرعزم ہیں، مگر اس کے ساتھ ساتھ حماس کو مکمل طور پر ختم کرنے اور اس کے خطرات کا سدباب کرنے کے لیے بھی ہم اپنا مشن جاری رکھیں گے۔

دلائی لامہ کی جانشینی بھارت سے تعلقات میں کانٹا ہے: چین

نئی دہلی (این این آئی) نئی دہلی میں چینی سفارت خانے نے کہا ہے کہ تبت کے روحانی پیشوا دلائی لامہ کی جانشینی چین۔ بھارت تعلقات کے لیے ایک کانٹے کی طرح ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چینی سفارتخانے کی ترجمان یو جینگ نے ایکس پر کہا کہ بھارت میں تزویری اور تعلیمی برادریوں کے بعض لوگوں نے دلائی لامہ کی دوبارہ پیدائش پر غیر مناسب تبصرہ کیا ہے۔ یو نے تبت کے لیے چینی نام کا استعمال کرتے ہوئے کہا، خارجہ امور میں پیشہ ور افراد کے طور پر انہیں Xizang سے متعلق مسائل کی حساسیت سے پوری طرح آگاہ ہونا چاہیے۔



ایرانی صدر اسرائیلی حملے میں معمولی زخمی ہوئے: فارس نیوز



غزہ سٹی کے علاقے شیخ رضوان میں فلسطینی بچے ایک تباہ ہونے والی عمارت کے ملبے پر جاری ریسکیو آپریشن دیکھ رہے ہیں

قوت SPORTS



کراچی: ایڈیشنل سیکرٹری ہوم سندھ صائمہ فاطمہ سلام افواج پاکستان فیسٹول کا افتتاح کر رہی ہیں۔

سمجھتا ہوں پاکستان اسپورٹس بورڈ کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے، سربراہ نیٹ بال فیڈریشن

لاہور (این این آئی) اسپورٹس بورڈ کے نوٹس پر نیٹ بال فیڈریشن کے سربراہ مدثر ارائیں کا کہنا ہے کہ میں سمجھتا ہوں پاکستان اسپورٹس بورڈ کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایشین چیمپئن شپ کیپلیٹ ڈویژن میں تھا، جس نے سارے میچ جیت کر پہلی پوزیشن لی، پلیٹ ڈویژن اور کپ ڈویژن دونوں فاتح ٹیموں کو ٹرافی اور میڈلز ملے ہیں۔ مدثر ارائیں نے کہا کہ ایونٹ میں پلیئرز نے کافی محنت کی اور بہت جذبے سے کھیلا، چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے کوئی گرانٹ نہیں ملی تھی جس کا میں نے ذکر کیا تھا۔

کراچی مسلم اسٹوڈنٹس لیگ کراچی کی جانب سے کڈ سمر کیمپ میں بچوں کو سیلف ڈیفنس کی تربیت دی جا رہی ہے۔

اٹلی کے یانک سنر نے ومبلڈن ٹینس کا میز ایونٹ ٹائٹل پہلی بار جیت لیا

فائنل میں اُنہوں نے دوبار کے چیمپئن اسپین کے کارلوس الکاریز کو 4 سیٹ کے مقابلے کے بعد شکست دے دی

لندن (این این آئی) اٹلی کے یانک سنر نے ومبلڈن ٹینس کا میز ایونٹ ٹائٹل پہلی بار جیت لیا۔ فائنل میں اُنہوں نے دوبار کے چیمپئن اسپین کے کارلوس الکاریز کو 4 سیٹ کے مقابلے کے بعد شکست دے دی، یانک سنر ومبلڈن جیتنے والے پہلے اٹالین کھلاڑی بھی بن گئے۔ لندن میں کھیلے گئے سال کے تیسرے گرینڈ سلم فائنل میں یانک سنر اور کارلوس الکاریز کے درمیان اچھا مقابلہ ہوا۔ الکاریز نے پہلے سیٹ میں عمدہ سروس اور گراؤنڈ شاٹس سے یانک سنر کو پریشان کیا اور پہلے سیٹ میں 6-4 سے فتح حاصل کی۔ اُس کے بعد یانک سنر نے کھیل پر گرفت مضبوط کر لی۔ اُنہوں نے متعدد بار دوبار کے ومبلڈن چیمپئن الکاریز کی سروس بریک کی اور مسلسل 3 سیٹ میں یکساں اسکور 6-4، 6-4 اور 6-4 سے فتح حاصل کر کے پہلی بار ٹائٹل اپنے نام کیا۔ وہ ومبلڈن جیتنے والے پہلے اٹالین کھلاڑی بھی بن گئے، سنر 5 مسلسل شکستوں کے بعد الکاریز کو ہرانے میں کامیاب ہوئے۔

ورلڈ ماسٹرز اسنوکر: آصف اور شاہد نے میچز جیت لیے

پہلے میچ میں آصف نے اومان کے ہیثم بن علی کو 3-0 سے ہرایا، دوسرے میں آئرلینڈ کے جے چوپڑا کو مات دی

منامہ (این این آئی) اسنوکر چیمپئن شپ میں محمد آصف اور شاہد آفتاب نے میچز جیت لیے۔ پاکستان کے محمد آصف اور شاہد آفتاب نے ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ میں کامیاب آغاز کرتے ہوئے ایونٹ کے پہلے روز دونوں میچز جیت کر اگلے راؤنڈ تک اپنی رسائی یقینی کر لی۔ ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ میں 15 ملکوں کے 43 پلیئرز پاکستان کے محمد آصف اور شاہد آفتاب نے ایونٹ کے پہلے میچز جیت لیے۔ گروپ سی میں شامل پاکستان کے محمد آصف میچز بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے جیتے، پہلے میچ میں انہوں نے علی کو 3-0 سے ہرایا، دوسرے میچ میں انہوں نے آئرلینڈ کے جے چوپڑا کو مات دی۔ شاہد آفتاب کو دونوں میچز میں سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا، بیسٹ آف فائیو کے دونوں میچز انہوں نے فیصلہ کن فریم میں جیتے۔ دن کے پہلے میچ میں انہوں نے مصر کے محمد نویر کو اور دوسرے میچ میں کویت کے عبداللہ الیوسف کو زیر کیا۔ پاکستان کے دونوں پلیئرز آج اپنے آخری گروپ میچز میں بھارتی پلیئرز سے مقابلہ کریں گے۔ بحرین میں کھیلی جانے والی چیمپئن شپ میں آئی بی ایس ایف ورلڈ ماسٹرز، انڈر 17، انڈر 21 اور میز سکس ریڈ اسنوکر میچز 24 جولائی تک کھیلے جائیں گے۔

انگلینڈ اور بھارت کا لارڈز ٹیسٹ دلچسپ مرحلے میں داخل

بھارت کو میچ میں کامیابی کے لیے مزید 135 رنز کی ضرورت ہے جبکہ انگلینڈ کو جیت کے لیے 6 وکٹیں درکار

لارڈز (این این آئی) انگلینڈ اور بھارت کے درمیان لارڈز میں کھیلا جا رہا ٹیسٹ میچ دلچسپ مرحلے میں داخل ہو گیا۔ میزبان انگلینڈ اور بھارت کے درمیان 5 میچز کی سیریز کا تیسرا ٹیسٹ لارڈز میں جاری ہے جہاں میچ کے 4 دن کا کھیل ختم ہو گیا اور آخری دن میچ دلچسپ مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ انگلینڈ کے 193 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بھارت نے چوتھے روز کے اختتام پر 4 وکٹ پر 58 رنز بنا لیے ہیں۔ بھارت کو میچ میں کامیابی کے لیے مزید 135 رنز کی ضرورت ہے جبکہ انگلینڈ کو جیت کے لیے 6 وکٹیں درکار ہیں۔ بھارت کی جانب سے کے ایل راہول 33 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ یاد رہے کہ لارڈز ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں انگلینڈ نے 387 رنز بنائے تھے جس کے جواب میں بھارتی ٹیم بھی 387 رنز پر آؤٹ ہوئی تھی اور پہلی اننگز میں کوئی برتری حاصل نہیں کر سکی تھی۔ میچ کے چوتھے روز انگلینڈ کی ٹیم دوسری اننگز میں 192 رنز پر آؤٹ ہو گئی تھی اور یوں بھارت کو میچ جیتنے کے لیے 193 رنز کا ہدف ملا تھا۔ میزبان انگلینڈ اور بھارت کے درمیان 5 میچز کی سیریز 1-1 سے برابر ہے۔

جاپان نے پاکستان کو شکست دیکر انڈر 18 ہاکی ایشیاء کپ جیت لیا

ڈازھو (این این آئی) جاپان نے پاکستان کو 3-0 سے شکست دے کر انڈر 18 ہاکی ایشیاء کپ جیت لیا، فاتح ٹیم کے یوما فیوجی وارا نے دو اور تاتسوا کی یاسوئی نے ایک گول کیا۔ چین کے شہر ڈازھو میں انڈر 18 ہاکی ایشیاء کپ کا فائنل جاپان اور پاکستان کے درمیان کھیلا گیا جس کے پہلے کوارٹر میں کوئی ٹیم بھی گول نہ کر سکی۔ دوسرے کوارٹر میں جاپان کو پینلٹی کارنر ملا جس پر یوما فیوجی وارا نے گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی۔ تیسرے کوارٹر میں یوما فیوجی وارا نے پنالٹی کارنر پر دوسرا گول کر کے جاپان کی برتری دگنی کر دی۔

لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس میں سر سپورٹس سوئمنگ کیمپ میں بچوں کو تربیت دی جا رہی ہے۔

لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے کنٹیکٹ باڈی سنٹر میں سمر سپورٹس باکسنگ کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

نیکسٹ کولا کا شکر گڑھ ڈسٹری بیوٹر دکانداروں کے لیے وبال جان بن گیا

من مانی قیمتیں، ایڈوانس رقم کے باوجود ادھورا مال، بل مانگنے پر بدتمیزی عام

شکر گڑھ (عمران عارف سے) اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ خصوصاً کوکا کولا کے خلاف مہم کے بعد جب پاکستانی مشروب نیکسٹ کولا کو عوامی پذیرائی ملی، تو مقامی مارکیٹ میں اس کی طلب میں نمایاں اضافہ ہوا۔ مگر شکر گڑھ میں نیکسٹ کولا کے ڈسٹری بیوٹر نے اس عوامی رجحان کو کمائی کا ناجائز ذریعہ بنالیا ہے۔ شہر کے متعدد دکانداروں نے شکایت کی ہے کہ متعلقہ ڈسٹری بیوٹر نہ صرف من مانے نرخ وصول کر رہا ہے بلکہ ایڈوانس رقم لینے کے باوجود مال کی ترسیل ادھوری یا تاخیر کا شکار ہوتی ہے۔ صورتحال اس وقت مزید خراب ہو جاتی ہے جب کوئی دکاندار باقاعدہ کمپیوٹرائزڈ بل کا مطالبہ کرتا ہے جس پر ڈسٹری بیوٹر بدتمیزی پر اُتر آتا ہے اور کالم گلوچ تک کی نوبت آجاتی ہے۔ متاثرہ دکانداروں نے مقامی انتظامیہ اور نیکسٹ کولا کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین صورتِ حال کا فوری نوٹس لیا جائے، اور شفاف، منصفانہ اور بااخلاق ڈسٹری بیوشن نظام کو یقینی بنایا جائے تاکہ مقامی تاجر اور صارفین دونوں کو ریلیف میسر آسکے۔

امام زین العابدین کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے آخرت بہتر بنائی جاسکتی ہیں: مولانا محمد عبدالغفار سیالوی

مشکلات میں انتہائی صبر و برداشت اور استقامت کا وہ عظیم مظاہرہ کیا جس نے یزیدیت کے چہرے سے اسلام کا مصنوعی نقاب چاک کر کے رکھ دیا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) حضرت علامہ پیر سید سخی محمد شاہ چشتی قادری نقشبندی ہزاروی اور علامہ مولانا محمد عبدالغفار سیالوی نے کہا کہ حضرت سیدنا امام زین العابدین کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے آخرت بہتر بنائی جاسکتی ہیں، شہید ان کربلا کے وارث حضرت سیدنا امام زین العابدین نے مقصد کربلا کو زندہ جاوید رکھنے کیلئے راہ مشکلات میں انتہائی صبر و برداشت اور استقامت کا وہ عظیم مظاہرہ کیا جس نے یزیدیت کے چہرے سے اسلام کا مصنوعی نقاب کا پردہ چاک کر کے رکھ دیا، کوفہ و شام کے بازاروں اور ابن زیاد و یزید کے درباروں میں حضرت سیدہ زینب بنت علی کے ہمراہ حضرت امام زین العابدین کے جرأت مندانہ خطابات بیانات و تقاریر نے قصر یزید کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے موضع بھاڈیوالا شریف میں امام زین العابدین علیہ السلام کے 52 واں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر شرکا کے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حضرت سیدنا امام زین العابدین نے مشکل ترین حالات میں بھی دین کی آبیاری کی، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن آپ کے عزم و حوصلے میں کسی قسم کی کمی نہ آئی، حضرت سیدنا امام زین العابدین کا کردار اور اقوال متلاشیان حق و صداقت کیلئے مینارہ نور کی حیثیت رکھتا ہے اس موقع پر صاحبزادہ سید بشارت حسین شاہ، علامہ پیر محمد آصف ہزاروی، علامہ مولانا پیر سوہنا ماہی چشتی، سید فاروق حسین شاہ بخاری، کاشف رضا صابری، محمد کاشف مجددی، سید نوید علی شاہ کاظمی، حافظ قیصر محمود، سائیں محمد رفیق، مولانا شہزاد رضوی و دیگر نے بھی خطاب کیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر پنجاب بھر میں کلنگ آں ویلز'' کے تحت طبی معائنے کا روزانہ کی بنیاد پر سلسلہ جاری!



شرقپور شریف (نمائندہ خصوصی شیخ ماجد اقبال) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر پنجاب بھر میں ''کلینک آن ویلز'' کے تحت طبی معائنے کا روزانہ کی بنیاد پر سلسلہ جاری !! وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، ممبر پنجاب اسمبلی رانا طاہر اقبال کی خصوصی ہدایات پر تحصیل شرقپور شریف میں سینیئر ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل ٹیمز روزانہ کی بنیاد پر لوگوں کی دہلیز پہ جا کر مفت طبی معائنے کی سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ اسی سلسلہ میں میڈیکل ٹیم نے اج بڑا اڈا شرقپور شریف قاضی عتیق عبداللہ کے زیر اہتمام کیمپ لگایا اور محلے کی کثیر تعداد نے مفت طبی معائنہ کرتے ہوئے ادویات فراہم کی۔ اس موقع پر کلینک آن ویلز پروگرام کے فوکل پرسن تحصیل شرقپور شریف میاں عمران علی اشرف یعقوبیہ روزانہ کی بنیاد پر وزٹ کر رہے ہیں، شیخ ماجد اقبال محمد خان، شیخ طاہر بلال شیخ ساغر حسن، بھی ان کے ہمراہ تھے

معروف قانون دان و سینئر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ محمد مشتاق رانا چیئرمین اینٹی کرپشن کمیٹی پنجاب بار کونسل سب ڈویژن لاہور مقرر ہو گئے



مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) معروف قانون دان و سینئر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ محمد مشتاق رانا چیئرمین اینٹی کرپشن کمیٹی پنجاب بار کونسل سب ڈویژن لاہور مقرر ہو گئے، تفصیلات کے مطابق اینٹی کرپشن کمیٹی پنجاب بار کونسل کے چیئرمین منیر بھٹی نے سینئر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ محمد مشتاق رانا کو اینٹی کرپشن کمیٹی پنجاب بار کونسل لاہور ڈویژن کا چیئرمین نامزد کر دیا، علاقہ کی سیاسی، سماجی، صحافی برادری اور وکلاء تنظیموں نے محمد مشتاق رانا کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار کو سر کی چوٹ سے محفوظ رکھتا ہے: ڈی ایس پی ٹریفک نارووال محمد جاوید اقبال



شکر گڑھ (عمران عارف سے) ڈی ایس پی ٹریفک نارووال محمد جاوید اقبال نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل سواروں کے لیے ہیلمٹ بہت ضروری ہے، ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار کو سر کی چوٹ سے محفوظ رکھتا ہے۔ موٹر وہیکل آرڈیننس کی دفعہ 79 الف موٹر سائیکل سوار کو ہیلمٹ پہننے بارے پابند کرتی ہے کہ کوئی شخص دو پہیوں والی موٹر گاڑی نہیں چلائے گا یا اس کی پچھلی نشست پر سوار نہیں ہوگا، سوائے جب کہ وہ کریش ہیلمٹ پہنے ہوئے ہو۔ اس لیے موٹر سائیکل سوار قانونی تقاضے کو بھی پورا کریں اور اپنے سر کی بھی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ ضلع کے مختلف کالجز، اسکولز، مدرسہ جات، یونیورسٹیز، لاری اڈہ جات، ٹیکسی اسٹینڈز و دیگر عوامی مقامات پر عوام الناس کو ہیلمٹ کی ضرورت اور افادیت بارے لیکچر دے رہی ہے جبکہ سوشل میڈیا اور پمفلٹس کے ذریعے آگاہی فراہم کر کے رہنمائی بھی کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی شخص ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل پر سفر کرے تو اس خلاف ورزی کے تحت چالان جرمانہ مبلغ 2 ہزار روپے تک کیا جائے گا، اس لیے جرمانہ، قانونی کاروائی اور حادثہ کی صورت میں سر کی چوٹ سے بچنے کے لیے موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ لازمی استعمال کریں۔

مٹر کے بیج کی غیر منظور شدہ اقسام کی پیکنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائی

20 عدد خالی تھیلے اور 20 عدد لیبل سٹیکر قبضے لے لیے جبکہ 1060 عدد تھیلے (15 کلوگرام فی کس) موقع پر سیل کر دیئے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر/سیڈ انسپکٹر ڈاکٹر محمد اسلم نے خفیہ اطلاع پر سمن ایگرو سیڈ گوجرانوالہ کے



گودام واقع ملتان روڈ پر ریڈ کیا۔ چیکنگ کے دوران غیر قانونی طور پر مٹر کے بیج کی غیر منظور شدہ اقسام کی پیکنگ کے لئے رکھے گئے 20 عدد خالی تھیلے اور 20 عدد لیبل سٹیکر قبضے لے لیے جبکہ 1060 عدد تھیلے (15 کلو گرام فی کس) موقع پر سیل کر دیئے گئے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر/سیڈ انسپکٹر ڈاکٹر محمد اسلم کی غیر قانونی طور پر مٹر کے بیج کی غیر منظور شدہ اقسام کی پیکنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائی، 20 عدد خالی تھیلے اور 20 عدد لیبل سٹیکر قبضے لے لیے جبکہ 1060 عدد تھیلے (15 کلو گرام فی کس) موقع پر سیل کر دیئے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر/سیڈ انسپکٹر ڈاکٹر محمد اسلم نے خفیہ اطلاع پر سمن ایگرو سیڈ گوجرانوالہ کے گودام واقع ملتان روڈ پر ریڈ کیا۔ چیکنگ کے دوران غیر قانونی طور پر مٹر کے بیج کی غیر منظور شدہ اقسام کی پیکنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائی، 20 عدد خالی تھیلے اور 20 عدد لیبل سٹیکر قبضے لے لیے جبکہ 1060 عدد تھیلے (15 کلو گرام فی کس) موقع پر سیل کر دیئے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر/سیڈ انسپکٹر ڈاکٹر محمد اسلم نے خفیہ اطلاع پر سمن ایگرو سیڈ گوجرانوالہ کے

ملک میں جمہوریت کے نام پر آمریت قائم ہے: چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول

پنجاب میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا حساب کون دے گا: چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ملک میں جمہوریت کے نام پر آمریت قائم ہے جو حق اور سچ کی بات کرتا ہے اسے اٹھالیا جاتا ہے پنجاب میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا حساب کون دے گا ایک خاندان مسلسل حکومت کر رہا ہے لیکن ابھی تک ملک آگے نہیں بڑھ سکا حقیقی تبدیلی نظام مصطفیٰ سے ہی آئے گی ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور ناصب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ایل پی ہمیشہ اسلام دشمن قوتوں کے خلاف برسرپیکار رہی ہے ہم نظام مصطفیٰ کا نفاذ چاہتے ہیں کیونکہ جب دین تخت پر آئے گا تو اور پاکستانی عزت اور وقار کے ساتھ جیئے گا علامہ خادم حسین رضوی نے ہمیں باطل قوتوں کے خلاف کھڑا ہونے اور ان کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا سکھایا ہے۔

کربلا شعور، خودداری، جرات، شجاعت، ایثار، قربانی، صبر و انقلاب کا فلسفہ ہے۔ شاف علی کھانڈ

امام حسین نے باطل کے سامنے ڈٹ کر کلمہ توحید کہا اور امر ہو گئے۔ ذوالفقار زکریا کھانڈ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کسی بھی معاشرے اور سوسائٹی کی تباہی اس وقت شروع ہوتی ہے جب وہاں ظلم ہو اور لوگ خاموش رہیں واقعہ کربلا میں امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ نے بھی ظلم کے سامنے ڈٹ جانے اور مظلوم کی حمایت میں کھڑے ہونے کا پیغام دیا۔ واقعہ کربلا حق و باطل کا وہ عظیم معرکہ تھا جس سے اسلام کو زندگی ملی۔ دین محمدی کو بچانے میں کنبۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ قربانی دی جو تاریخ اور نسل انسانی کبھی بھلا نہیں سکے گی۔ امت محمدیہ خانوادہ اہل بیت کی مقروض ہے جو کلمہ قرآن و نماز بچا گئے۔ ان باتوں کا اظہار جناح کا پاکستان کے سینئر لیکچرز پنجاب شاف علی کھانڈ اور پروفیسر ذوالفقار علی کھانڈ نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ نواسہ رسول وخانوادے کو ناحق شہید کرنے والے بدبخت یزید کا آج کوئی نام لیوا نہ ہے مگر شہادت کے بلند و بالا مرتبہ پر فائز امام حسین علیہ السلام و انکے 72 شہداء کا ذکر آج بھی اور تاقیامت جاری رہے گا

معیشت نامہ

صنعت وتجارت نیوز

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا رورل ہیلتھ سنٹر بڑا گھر، بنیادی مرکز صحت لڑھکا کا دورہ

شعبے میں بہتری کے لیے ایسے اچانک دورے جاری رہیں گے۔ انہوں نے عملے کو تنبیہ کی کہ فرائض

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر



محمد تسلیم اختر راو کا رورل ہیلتھ سنٹر بڑا گھر، بنیادی مرکز صحت لڑھکا کا دورہ۔ ڈپٹی کمشنر نے دوران وزٹ سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری، میڈیسن کی دستیابی و ریکارڈ، مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے دورہ کے دوران ہسپتالوں میں جاری تزئین و آرائش کا جائزہ، تعمیراتی میٹریل کے معیار اور کوالٹی کو چیک کیا۔ تو تعینات سی او ہیلتھ ڈاکٹر روحیل اختر مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات سمیت زیر تعمیر بلڈنگ سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈی سی نے ہسپتال میں آنیوالے مریضوں اور انکے لواحقین سے بھی طبی سہولیات بارے بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام الناس کو بہترین، برروقت اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ ڈی سی نے کہا کہ تمام سرکاری ہسپتالوں، فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن ویلز میں مریضوں کا چیک اپ کرنے کے لیے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف و دیگر عملہ اپنی حاضری سو فیصد یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کی حاضری کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جائے۔ ایمرجنسی وارڈز میں عملے کی مکمل دستیابی اور فوری رسپانس کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ہسپتال کے تمام واش رومز اور وارڈز میں صفائی کے خاص انتظامات کیے جائیں، مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات پر فوری ایکشن کا نظام فعال کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ صحت کا شعبہ ہماری اولین ترجیح ہے اس میں غفلت کی کوئی گنجائش نہیں، غفلت اور لاپرواہی کی صورت میں سخت کارروائی سے گریز نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے دوران وزٹ رورل ہیلتھ سنٹر بڑا گھر اور بنیادی مرکز صحت لڑھکا میں ماحول کو سازگار بنانے کے لیے شجرکاری بھی کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع میں جاری میگا پراجیکٹس کی مقررہ وقت میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ مفاد عامہ کیلئے شروع کی گئی سکیموں کی تکمیل اولین ترجیح ہے۔ علاقائی منصوبے عوام کی خدمت اور انکی مشکلات دور کرنے کیلئے انتہائی اہم ہیں۔ متعلقہ ادارے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبہ جات کے تعمیراتی کام کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کریں۔ ترقیاتی سکیموں میں بہترین کوالٹی کا میٹریل استعمال کیا جائے اور جلد از جلد زیر تعمیر ترقیاتی سکیموں کے تعمیراتی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے تھہر اپنجاب پروگرام کے تحت یونین کونسل بڑا گھر اور یونین کونسل لڑھکا کے مختلف دیہاتوں کا بھی دورہ کیا۔ جہاں پر صفائی ستھرائی، تجاوزات، نکاسی آب، میونسپل و دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صفائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیم کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر شہروں کی طرح دیہاتوں سے بھی کچرا اٹھانے اور گلی محلوں کے تمام حصوں کی مکمل صفائی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے خاص طور پر ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر شہروں کی طرح دیہاتوں میں بھی صفائی ستھرائی کا جائزہ، تعمیراتی میٹریل کے معیار اور کوالٹی کو چیک کیا۔ تو تعینات سی او ہیلتھ ڈاکٹر روحیل اختر مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات سمیت زیر تعمیر بلڈنگ سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈی سی نے ہسپتال میں آنیوالے مریضوں اور انکے لواحقین سے بھی طبی سہولیات بارے بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام الناس کو بہترین، برروقت اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ ڈی سی نے کہا کہ تمام سرکاری ہسپتالوں، فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن ویلز میں مریضوں کا چیک اپ کرنے کے لیے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف و دیگر عملہ اپنی حاضری سو فیصد یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کی حاضری کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جائے۔ ایمرجنسی وارڈز میں عملے کی مکمل دستیابی اور فوری رسپانس کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ہسپتال کے تمام واش رومز اور وارڈز میں صفائی کے خاص انتظامات کیے جائیں، مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات پر فوری ایکشن کا نظام فعال کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ صحت کا شعبہ ہماری اولین ترجیح ہے اس

ماہِ محرم الحرام فقط غم واندوہ کا مہینہ نہیں، بلکہ صبر، عزیمت، استقلال اور عدل وانصاف کے قیام کی لازوال یادگار ہے: سید وسیم الحسن نقوی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ اور معروف مذہبی اسکالر بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی نے نواحی گاؤں کھٹھ کاہر میں عظیم الشان ذکر شہدائے کربلا محفل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام نے میدان کربلا میں دین اسلام کی سربلندی اور اصولوں کی حفاظت کے لیے اپنی جان، اہلِ خانہ اور اصحاب کی قربانیاں پیش کیں، مگر یزید کے ظلم و جبر اور دین مخالف اقدامات کو قبول نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماہِ محرم الحرام فقط غم واندوہ کا مہینہ نہیں، بلکہ صبر، عزیمت، استقلال اور عدل وانصاف کے قیام کی لازوال یادگار ہے۔ معرکہ کربلا درحقیقت باطل کے مقابل حق کی سربلندی، سچائی کی روح اور حریتِ فکر و عمل کا وہ مینار ہے جس کی روشنی رہتی دنیا تک انسانیت کی رہنمائی کرتی رہے گی۔ صاحبزادہ وسیم الحسن شاہ نے مزید کہا کہ شہادتِ امام عالیمقام تاریخ اسلام کا وہ المناک باب ہے جس نے چودہ صدیاں گزرنے کے باوجود بھی اہلِ ایمان کے دلوں پر تازہ زخم چھوڑ رکھے ہیں۔ ہر مسلمان اس واقعہ کے پس منظر میں پنہاں دینی شعور، روحانی درد اور عظیم قربانی کے احساس سے گزرتا ہے

حافظ آباد شہر میں بڑا قبرستان ریلوے لائن والا نشہ کرنے والے کی آماجگاہ بن گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں بڑا قبرستان ریلوے لائن والا نشہ کرنے والے کی آماجگاہ بن گیا۔ شنید ہے کہ قبرستان میں نصب متعدد نلکوں کی ہتھیاں اتار لے گئے جبکہ قبرستان میں کتوں کی بھرمار نے قبروں کے تقدس کا پامال کر ڈالا۔ قبرستان میں اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ کے لئے جانے والے شہری پریشان ہو کر رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق قبرستان ریلوے لائن جو کہ شہر کے سنگم میں واقع ہے اسوقت اسکی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ یہاں پر ایک طرف نشہ کرنے والوں نے ڈیرے جمار کھے ہیں تو دوسری جانب آوارہ کتوں نے اب تک لاتعداد قبروں کو مسمار کر ڈالا ہے۔ پھر جگہ جگہ سے ٹوٹی چار دیواری نے رہی سہی کسر نکال دی ہے۔ اس کے علاوہ قبرستان میں صفائی ستھرائی کا سرے سے کوئی انتظام موجود نہ ہے اور جگہ جگہ جوری بوٹیوں اور گھاس کے اُگنے سے قبروں کی حالت ابتر ہو رہی ہے جس پر شہریوں نے شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ قبرستان ریلوے لائن والے کی جانب فوری توجہ دیکر یہاں پر صفائی ستھرائی کا انتظام کروایا جائے اور ٹوٹی ہوئی چار دیواری کی تعمیر کروا کے آوارہ کتوں کا خاتمہ کروایا جائے۔ مزید برآں قبرستان کو نشہ کے عادی افراد سے خالی کروایا جائے

حامد علی کے اعزاز میں ملک عمران اکرام کی جانب سے مقامی ہوٹل میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سلطنت عمان کے دارالحکومت مسقط میں سفارت خانہ پاکستان میں تعینات ڈیفنس اتاشی حامد علی کے اعزاز میں ملک عمران اکرام کی جانب سے مقامی ہوٹل میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈیفنس اتاشی حامد علی کے ساتھ ڈپٹی ہیڈ آف مشن بلال حسن ویلفیئر اتاشی حافظ عبدالمنان بیگ اور ٹریڈ و انوسٹمنٹ اتاشی عشرت حسین بھٹی نے شرکت کی عشائیے میں پاکستانی کمیونٹی کی اہم شخصیات شریک تھیں جن میں محمد امین جان، خان عرفان اکرام، محمد عمر حسن مسعود، مرزا عمر ظفر و دیگر تھے اس موقع پر ملک عمران اکرام کا کہنا تھا کہ ہماری یہ ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ جہاں ہم سفارت خانہ پاکستان کی معاملات کے حل میں معاونت حاصل کریں وہیں سفارت خانہ کے ساتھ تعاون کو بھی فروغ دیں جس سے باہمی طور پر ملکر مسائل کو حل کرنے میں آسانی پیدا ہوتی ہے ویلفیئر اتاشی حافظ عبدالمنان بیگ کا کہنا تھا کہ ویلفیئر سیکشن روزانہ سینکڑوں پاکستانی تارکین وطن سے براہ راست روابط کو قائم کر کے ان کے مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی رہنمائی کرتا ہے اور ہماری یہ کوشش رہتی ہے کہ ہم اپنے ہم وطنوں کے مسائل کو حل کرنے میں تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں ٹریڈ و انوسٹمنٹ اتاشی عشرت حسین بھٹی کا کہنا تھا کہ ہماری کوشش ہے کہ عمانی شہریوں کی پاکستان میں ٹورازم کے شعبے میں دلچسپی کو بڑھائیں اور پاکستانی مصنوعات کو زیادہ سے زیادہ عمانی مارکیٹ میں متعارف کروایا جائے جس میں ہم دن رات محنت کر رہے ہیں تقریب سے ڈیفنس اتاشی حامد علی ڈپٹی ہیڈ آف مشن بلال حسن اور امین جان خان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا

حفاظتی ٹیکے لگانے کے لیے مسجد کے سپیکر سے اعلان کرتے ہوئے ویکسینیٹر کرنٹ لگنے سے جاں بحق



فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) شیخوپورہ بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کے لیے مسجد کے سپیکر سے اعلان کرتے ہوئے ویکسینیٹر کرنٹ لگنے سے جاں بحق مانانوالہ کے نواحی گاؤں دوآبیانوالہ میں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد طارق جاوید کا فیصلہ

قتل کے ملزم کو سزائے موت 5 لاکھ روپے معاوضہ کا حکم سنا دیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد طارق جاوید کا فیصلہ چوآیدن شاہ! قتل کے ملزم کو سزائے موت 5 لاکھ روپے معاوضہ کا حکم سنا دیا تفصیلات کے مطابق چوآیدن شاہ مین بازار میں دوران خریداری معمولی تلخ کلامی پر ملزم زاکت حسین ولد محمد الطاف سکن چوآیدن شاہ نے راجہ رحیم عباس ولد راجہ غلام عباس محلہ چھپر چوآیدن شاہ کو خنجر نما چاقو کے پے در پے وار کر کے بے دردی سے قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ چوآیدن شاہ پولیس نے درج کر کے ٹھوس شواہد کیساتھ چالان سیشن عدالت میں جمع کروا دیا، مقدمہ کا ٹرائل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد طارق جاوید نے کیا دوران ٹرائل وکلاء کی بحث، میڈیکل رپورٹ اور پولیس کے ٹھوس چالان کی روشنی میں ملزم پر جرم ثابت ہو گیا، فاضل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد طارق جاوید نے معمولی تلخ کلامی پر بے گناہ شخص کے قتل کے ملزم کو سخت سزاء سناتے ہوئے سزائے موت اور 5 لاکھ روپے مقتول کے وارثان کو بطور معاوضہ ادا کرنے کا حکم سنا دیا، معاوضہ نہ ادا کرنے کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ قید با مشقت بھگتنا ہو گی، مدعی مقدمہ کیطرف سے کامیاب پیروی ڈسٹرکٹ بار چکوال کے معروف فوجداری قانون دان سابق ڈپٹی اٹارنی جنرل چوہدری جلیل الرحمن ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان نے کی تھی، یہاں پر یہ بات بھی انتہائی قابل ذکر ہے کہ جب سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری محمد طارق جاوید نے چکوال میں چارج سنبھالا ہے، قتل اقدام قتل، جنسی زیادتی اور منشیات کے مقدمات میں بے حد تیزی آئی ہوئی ہے، جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو سخت سزائیں سنائی جا رہی ہیں، اور اگر جرم ثابت نہ ہوں تو ملزمان کی فوری رہائی کے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں، جسکی وجہ سے چکوال میں جرائم کی شرح میں بے حد کمی ہو گئی ہے، اور یہ تیزی نہ صرف فوجداری مقدمات میں ہے بلکہ سول اور دیوانی کیسز میں بھی بے حد تیزی ہے، زیادہ تر مقدمات کے فیصلے ہو چکے ہیں عدالتوں میں پینڈنسی انتہائی کم رہ گئی

زیر وٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے فوڈ سیفٹی ٹیموں کی کارروائیاں بلاناغہ جاری

مضر صحت پانی کے استعمال سے گیسٹرو اور پیٹ کے دیگر موزی امراض لاحق ہو سکتے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملاوٹ و جعلساز مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے فوڈ سیفٹی ٹیموں کی کارروائیاں بلاناغہ جاری ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ لیبارٹری تجزیہ رپورٹ کے مطابق پانی کے نمونہ میں مضر صحت جراثیم کی موجودگی پائی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ایسے مضر صحت پانی کے استعمال سے گیسٹرو اور پیٹ کے دیگر موزی امراض لاحق ہو سکتے ہیں جس پر واٹر پلانٹ کو سیل کر کے اصلاح تک کام سے روک دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ دودھ کے معیار کی جانچ کے لئے دودھ بردار گاڑیوں اور ملک شاپس اور ملک کولیکشن سنٹرز کو بھی چیک کیا گیا اور دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 53 ہزار روپے کے جرمانے عائد، خوراک کے معیار کو جانچنے کے لئے فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 149 انسپکشنز کیں اور قوانین کی خلاف ورزی پر 92 ہزار کے جرمانے، 2 کلو گلے سڑے پھل اور 2 کلو ایکسپائرڈ مصنوعات تلف کرا دی گئیں۔

کوٹ رادھا کشن مون سون بارشوں کی وجہ سے گھر کی چھت گرنے کی وجہ سے ایک بزرگ جانحق

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) کوٹ رادھا کشن مون سون بارشوں کی وجہ سے گھر کی چھت گرنے کی وجہ سے ایک بزرگ جانحق، تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن کے محلہ لالے والا کا رہائشی بابا عبدالغفور گھر سو رہا تھا کہ اچانک گھر کی چھت گرنے سے موقع پر ہی جانحق، اہل محلہ نے گھر کی دیواروں پھلانگ کر جانحق کو باہر نکالا مگر بابا عبدالغفور موقع پر ہی جانحق ہو چکا تھا۔

کوٹ رادھا کشن سرکاری ہسپتال کے ملازم کی لڑکی کے ساتھ مبینہ زیادتی

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) کوٹ رادھا کشن سرکاری ہسپتال کے ملازم کی لڑکی کے ساتھ مبینہ زیادتی تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن کے THQ ہسپتال میں پندرہ سالہ لڑکی کے ساتھ اسپتال ملازم کی مبینہ زیادتی ملزم ذیشان کے خلاف متاثرہ لڑکی کے والد کی جانب سے درخواست جمع کروانے کے بعد ایف آئی آر درج کروا دی گئی، ملزم ذیشان نے بھاگنے کی کوشش میں اسپتال

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 16 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1 — بقیہ جات

خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں فولاد کا تاج تھا کر چیئرمین ایسوسی ایشن آف سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (ایسمے) پنجاب ڈاکٹر عاصم الرحمان کے قیام میں آنے والے ریفرنس کے بارے میں بریفنگ لی۔ ڈاکٹر عاصم الرحمان نے بتایا کہ ایسمے کے 14 ہزار ارکان ہیں جو ملک کی جی ڈی پی میں 40 فیصد حصہ ڈالتے ہیں۔ ایسمے کے ارکان کو ایک ہی چھت تلے 35 سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ایسمے کے ارکان کو ون ونڈو سروس کے ذریعے 35 سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ایسمے کے ارکان کو ایک ہی چھت تلے کسٹم کلیئرنس، ٹیکس، ٹریننگ، ایکسپورٹ کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ نے ایسمے کے ارکان کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

2 — بقیہ جات

امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پنجاب آسمبلی محمد خان بھٹی نے سون سکیسر کے علاقہ میں ہونے والی ترقیاتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ موجودہ حکومت نے ہر سطح پر ترقی کو یقینی بنایا ہے، عوام کی خدمت کو اپنا مشن بنایا ہوا ہے، ہم نے ہر شعبہ میں ترقی کے نئے در وا کئے ہیں

نوجوانوں کو قرضوں کے بجائے قابلیت فراہم کی جائے، ضیاء الدین انصاری

ملک میں بتوقابل پروگرام نوجوانوں کی فنی تربیت کا سب سے بڑا منصوبہ ہے، لاہور میں ہزاروں نوجوان مفت آئی ٹی کورسز کے ذریعے بااعزت روزگار حاصل کر رہے ہیں

پاکستان کے نوجوان باصلاحیت، ذہین اور جذبے سے بھرپور ہیں، ضرورت صرف سمت دینے کی ہے، نوجوانوں کی صلاحیتوں کے عالمی دن کے موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لاہور میں "بتوقابل پروگرام کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نوجوان باصلاحیت، ذہین اور جذبے سے بھرپور ہیں، ضرورت صرف سمت دینے کی ہے۔ جماعت اسلامی کا بتوقابل پروگرام اسی سمت کی ایک بڑی کاوش ہے، جو ملک بھر میں نوجوانوں کو ہنرمند بنا رہا ہے۔" لاہور میں ہزاروں



میر جماعت اسلامی لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ

(بقیہ نمبر 6)

لاہور (خبرنگار) نوجوانوں کی صلاحیتوں کے عالمی دن کے موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لاہور میں "بتوقابل پروگرام" کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نوجوان باصلاحیت، ذہین اور جذبے سے بھرپور ہیں، ضرورت صرف سمت دینے کی ہے، جبکہ عین شاہدین کے

(بقیہ نمبر 4 0)

محکمہ خلیہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 33 واں اجلاس منعقد ہوا

اجلاس کے دوران کچے کے علاقہ میں پولیس کو وسائل کی فراہمی بارے تجاویز زیر غور آئیں، کچے کے علاقے میں آپریشنز کیلئے نئی ٹریک اے پی سیز کی منظوری دی گئی

تمام شہداء کے اہل خانہ سے رابطے میں ہیں اور اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند کرے، قیام امن کیلئے پنجاب پولیس کو جدید اسلحہ سے لیس کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، چوہدری شفاعت حسین

لاہور (خبرنگار) محکمہ داخلہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 33 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر محنت و بہبود آبادی سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کے 33 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



شاہدرہ میں رکشہ الٹنے سے 6 افراد زخمی، 5 کی حالت تشویشناک

ریسکیو نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی، تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا

لاہور (رپورٹ این این) شاہدرہ کے علاقے میں پیش آنے والے ایک افسوسناک حادثے میں رکشہ الٹنے کے باعث 6 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کے فوراً بعد امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ زخمیوں



لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ محکمہ قانون میں فی میل بارز اور جوڈیشل ٹاور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، والڈسٹی میں تجاوزات آپریشن کے خلاف کیس پر حتمی دلائل طلب

عدالت نے فریقین کے وکلاء کو حتمی دلائل کیلئے طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت مقرر کر دی

درخواست گزار نے اختیاری آپریشن کا الزام لگایا، والڈسٹی اتھارٹی نے الزامات مسترد کر دیے

لاہور (ریڈیو این این) لاہور ہائیکورٹ میں والڈ سٹی میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کے خلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس خالد اسحاق کے بینچ کی سماعت کی اور فریقین کے وکلاء کو آئندہ سماعت پر حتمی دلائل کے لیے طلب کر لیا۔ درخواست گزار عاشق وفیرہ کے وکلاء نے دلائل دیتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ والڈ سٹی میں تجاوزات کے نام پر من پسند آپریشن کیا جا رہا ہے، جس میں مخصوص ریڑھی بانوں کو نشیلے لگانے کی اجازت دے دی گئی ہے، جبکہ دیگر افراد کو کاروبار سے روکا جا رہا ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ اس اختیاری آپریشن کو کالعدم قرار دیا جائے۔ دوسری جانب والڈ سٹی اتھارٹی کے قانونی مشیر سید وقار الدین جیدی نے عدالت کو بتایا کہ والڈ سٹی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن عمل طور پر تاثرین کے مطابق کیا جا رہا ہے اور اختیاری سلوک کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ عدالت نے تمام دلائل سننے کے بعد فریقین کو آئندہ سماعت پر حتمی دلائل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

لاہور ہائیکورٹ نے دوران ڈکیتی قتل کے مجرمان کی اپیل خارج کر دی

لاہور (ڈیٹ این این لاہور) لاہور ہائیکورٹ نے دوران ڈکیتی قتل کے مقدمے میں عمرقید کی سزا پانے والے پانچ مجرمان کی اپیل خارج کر دی۔ عدالت نے راضی نامے کی بنیاد پر بریت کے لیے دائر اپیل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس محمد علی مظہر مشتمل دو رکنی بنچ نے مجرمان محمد تنویر سمیت دیگر کی اپیل پر فیصلہ سنایا۔ سماعت کے دوران ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل اخلاق سلہری نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان نے دوران ڈکیتی عبدالشکور کو قتل کیا۔ پولیس تفتیش، میڈیکل رپورٹ اور عینی شاہدین کے بیانات سے مجرمان کے خلاف الزام ثابت ہوا۔

پاکستان ریلوے کا جدید ترین بزنس ٹرین متعارف کروانے کا اعلان

کراچی اور لاہور کے درمیان پہلے سے چلنے والی پاک بزنس ٹرین کو اَپ گریڈ کیا گیا ہے، جو 28 نئی ڈیجیٹل چائنیز کوچز پر مشتمل ہوں گی

جدید بزنس ٹرین میں مسافروں کی سہولت کے لیے مفت وائی فائی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کردہ ڈائننگ کار شامل ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے مسافروں کی سہولت کیلئے جدید ٹیکنالوجی کی حامل بزنس ٹرین کو اَپ گریڈ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو 28 نئی ڈیجیٹل چائنیز کوچز پر مشتمل ہوں گی۔ جدید بزنس ٹرین میں مسافروں کی سہولت کے لیے مفت وائی فائی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کردہ ڈائننگ کار شامل ہوگی۔ ٹرین کو اَپ گریڈ کیا گیا ہے، جو 28 نئی ڈیجیٹل چائنیز کوچز پر مشتمل ہوں گی۔ جدید بزنس ٹرین میں مسافروں کی سہولت کے لیے

(بقیہ نمبر 3 5)

شہباز شریف جدید ٹرین کا افتتاح 19 جولائی کو لاہور اور 181 ریٹائرڈ ایئر مارشل کی سالگرہ کے باوجود پشن پر کچھ بے چینی اور بدہ ابہامات سے محروم ہیں۔

ریلوے نے 11 مسافر ٹرینیں پرائیویٹ کرنے کا فیصلہ کر لیا، بہتر سفری سہولیات اور یونیورسٹی شٹل سروس

لاہور (ریڈیو این این) ریلوے حکام نے ایک بار پھر 11 مسافر ٹرینوں کو پرائیویٹ شعبے کے حوالے کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس فیصلے کا مقصد مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور یونیورسٹی طلبہ کے لیے خاطر خواہ اضافہ ہے۔ ریلوے کی جانب سے جن ٹرینوں کو پرائیویٹ کیا جائے گا

لاہور کی پی ایچ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشی احتجاج کرتے ہوئے

لاہور کے ریٹائرڈ استاد کو پنشن اور واجبات سے محروم

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے عدم تعاون اور فنڈز کی کمی سے استاد کو شدید پریشانی کا سامنا، ذرائع

لاہور (ریڈیو این این) سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے اسکولوں سے ریٹائرڈ ہونے والے استاد کو پنشن اور واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق لاہور کے 181 ریٹائرڈ اساتذہ کی سال گزرنے کے باوجود پشن، گریجویٹی اور دیگر واجبات سے محروم ہیں۔

سانگلہل، زندگی موت کی امانت ہے اور موت اٹل حقیقت ہے، علامہ ابوالحسن قرنی

نکاح صاحب (این این آئی) ممتاز عالم دین علامہ ابوالحسن قرنی نے کہا ہے کہ زندگی موت کی امانت ہے اور موت اٹل حقیقت ہے، ہر ایک نے اپنی ہر ہری پر اس دار فانی سے کوچ کر کے دار بقا کی طرف منتقل ہونا ہے یہ دنیا فعلی عارضی ٹھکانہ ہے، ہمیں اس کی تیاری کرنے چاہئے، قدرت کے کاموں اور خدائی نظام میں کوئی کو مداخلت کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے، صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

سرگودھا، پسند کی شادی کی کوشش میں 17 سالہ دوشیزہ غیرت کے نام پر قتل

سرگودھا (این این آئی) پسند کی شادی کی کوشش میں 17 سالہ دوشیزہ کو مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کر کے اس کی پراسرار تدفین کی کوشش پر متعلقہ کے والدین کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا اور دوشیزہ کی فصل تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کروانے ہوئے پولیس معروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا رحمن کے علاقہ بکھل کے گاں نور ہوا والا کی 17 سالہ دوشیزہ آسیہ بی بی نے نوجوان فرحان سے پسند کی شادی کی کوشش میں جس کو مبینہ طور پر غیرت کے نام پر گھر والوں نے قتل کر کے پراسرار تدفین کی کوشش کی تو پولیس تھانہ بکھل نے متعلقہ کے باپ اعجاز احمد اور اس ارشاد مائی کے خلاف

(بقیہ نمبر 3 4)

وفاقی حکومت کے 3 پولیس افسران کا پنجاب سے ایف آئی اے تبادلہ کر دیا

لاہور (ریڈیو این این) وفاقی حکومت نے تین پولیس افسران کا تبادلہ کرتے ہوئے انہیں پنجاب سے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) میں تعینات کر دیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایس ایس پی عطاء الرحمٰن، ایس ایس پی محمد انور اور ڈی آئی جی عطاء محمد ملک کا پنجاب سے ایف آئی اے میں تبادلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ تبادلے وزارت داخلہ کی منظوری کے بعد کیے گئے ہیں

ڈپٹی کمشنر موسیٰ رضا کا نشتر ٹاؤن کا دورہ، صفائی و نکاسی پر ہدایات جاری

صفائی، سیوریج اور تجاوزات کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، فرائض میں غفلت برداشت نہیں

شہر کو صاف ستھرا بنانے کیلئے معمولاتِ زندگی سے قبل صفائی مکمل کی جائے، موسیٰ رضا کی ہدایت

لاہور (ڈیٹ این این) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کے آج مختلف تعلیمی اداروں کے دوروں کا سلسلہ جاری رہا۔ اسی سلسلے میں انہوں نے جمعیل نشتر کا دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم ای ایل شاہد سلیم کاظمیا، اسسٹنٹ کمشنر محمد سلیم آئی، ایس او اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے نشتر ٹاؤن کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کیا اور نگرانی کرتے ہوئے صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں کے اطراف صفائی کا خصوصی انتظام کیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر کی صفائی کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچرا صرف مقررہ جگہوں پر ہی پھینکا جائے اور شہری اس حوالے سے اپنی ذمہ داری کو سمجھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ صفائی کے معاملے میں کسی قسم کی سفارش یا رعایت نہیں دی جائے گی۔ جو بھی ادارہ یا فرد اس میں رکاوٹ بنے گا، اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد لاہور کو ایک صاف ستھرا شہر بنانا ہے اور اس کے لیے ہر شہری کا تعاون ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہم نے شہر کی صفائی کے لیے ایک مؤثر نظام بنایا ہے اور اس پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے شہر کی صفائی کے لیے ایک مؤثر نظام بنایا ہے اور اس پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے شہر کی صفائی کے لیے ایک مؤثر نظام بنایا ہے اور اس پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے گا۔

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پارلیمانی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ مصدقہ جیتوں، وزیر صحت خواجہ عمران نذیر اور پولیٹیکل سیکرٹری وزیر اعلیٰ پنجاب ڈیزائن ملک خواتین کے لئے نئے منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور پولیس کا جوئے کے اڈوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 69 ملزمان گرفتار

رواں سال 1981 گرفتاریاں 512 مقدمات اور 97 لاکھ سے زائد کی رقم برآمد ہوئی

لاہور (ریڈیو این این) لاہور پولیس نے جوئے کے اڈوں کی سرپرستی کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق گزشتہ دو ہفتوں کے دوران مختلف کارروائیوں میں 69 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ 17 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ کارروائیوں کے دوران 67 ہزار روپے سے زائد کی رقم بھی برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق رواں

(بقیہ نمبر 42)

لاہور: کبوتروں پر تشدد کی ویڈیو وائرل، ملزمان گرفتار

سوشل میڈیا پر ویڈیو اپلوڈ کرنے کے شہریوں سے کبوتروں پر تشدد کروایا جاتا تھا، پولیس

لاہور (ریڈیو این این) جوہر ٹاؤن میں کبوتروں پر ظلم و تشدد کا انکشاف ہوا ہے جہاں ملزم شہری عالم شیر کبوتروں کو خونخوار طور پر اپھال کر ان تشدد کرتا اور اس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرتا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم ہیروں کو بھی کبوتروں پر تشدد کی ترغیب دیتا۔

پاکستان ریلویز کا جدید بزنس ٹرین لانچ کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم میاں شہباز شریف لاہور اسٹیشن پر اپ گریڈ شدہ بزنس ٹرین کا افتتاح کریں گے

28 ڈیجیٹل کوچز، وائی فائی اور عالمی معیار کی ڈائننگ کار مسافروں کو فراہم کی جائیں گی

لاہور (ریڈیو این این) پاکستان ریلوے نے مسافروں کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل بزنس ٹرین متعارف کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق ایک پاک بزنس ٹرین کو مکمل طور پر اپ گریڈ کر دیا گیا ہے، جو 28 ڈیجیٹل چائنیز کوچز پر مشتمل ہوگی۔ اس جدید بزنس ٹرین میں مسافروں کی سہولت کے لیے مفت وائی فائی، جدید آرام دہ نشستیں اور بین الاقوامی معیار کی ڈائننگ کار شامل کی گئی ہے۔ اس جدید ٹرین

(بقیہ نمبر 31)

پولیس کی کارروائی، آن لائن جعلی ٹوٹوں کا دھندہ کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

ملزمان سے ایک لاکھ مالیت کے جعلی نوٹ برآمد، دکانداروں سے دھوکہ دہی کرتے تھے

لاہور (ریڈیو این این) پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آن لائن جعلی کرنسی کا دھندہ کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ پولیس کے مطابق گرفتار کیے گئے ملزمان کی شناخت طلحہ اور فرحان کے نام سے ہوئی ہے، جن کے قبضے سے ایک لاکھ روپے مالیت کے جعلی پاکستانی نوٹ برآمد کیے گئے ہیں۔ برآمد ہونے والی کرنسی میں 5000 روپے کے 12 نوٹ اور 1000 روپے کے 40 جعلی نوٹ شامل ہیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ ملزمان پولیس کے مطابق گرفتار کیے گئے ملزمان کی شناخت طلحہ اور فرحان کے نام سے ہوئی ہے، جن کے قبضے سے ایک لاکھ روپے مالیت کے جعلی پاکستانی نوٹ برآمد کیے گئے ہیں۔ برآمد ہونے



نارووال: ریسکیو فرض برقرار رکھنے کے لیے ڈیجیٹل ایکسر سائز کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ: قتل کے مقدمے میں نامزد خاتون کی ضمانت منظور

پولیس تفتیش میں الزامات ثابت نہ ہو سکے، خاتون کو بے بنیاد مقدمے میں نامزد کیا گیا

لاہور (ریڈیو این این) لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس شہباز رضوی کے قتل کے مقدمے میں نامزد خاتون ملزمہ کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ خاتون نے اصابت جرم کے الزام میں ضمانت کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمہ کے لگائے پر اس کے خاوند، بھائی اور دیگر ساتھیوں نے فائرنگ کی

(بقیہ نمبر 36)

سابق صدر عارف علوی کے خلاف مقدمہ اندراج کی درخواست پر عدالت کا نوٹس

عدالت نے سابر کو رائم قاری کو اتھارٹی کے ریپورٹ 11 اگست تک پیش کرنے کا حکم دیا

لاہور (ریڈیو این این) سیشن کورٹ لاہور میں سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے سابر کرائم اتھارٹی کو رپورٹ طلب کر لی۔ درخواست گزار ایڈووکیٹ شیر خان نے پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ ایڈیشنل سیشن جج نے شیری شہزاد عدنان کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی، جو وکیل مرتضیٰ چوہدری کے توسط سے دائر کی گئی تھی۔ درخواست گزار کے مطابق سابق صدر عارف علوی نے سنیدہ طور پر کتاب افطار استعمال کیے جن کی ویڈیو سوشل میڈیا پر موجود ہے۔

پنجاب میں لائن لین خلاف ورزی پر 5 لاکھ 94 ہزار سے زائد چالان

سڑکوں پر نظم و ضبط کے قیام کیلئے سخت کارروائیاں، 4 لاکھ شہریوں کو جرمانے کیے گئے، ترجمان ٹریفک پولیس

گرین لین سے ٹریفک منظم، آگاہی مہم بھی جاری، شہری قوانین کی پابندی کریں، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس

لاہور (ریڈیو این این) پنجاب بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، خصوصاً لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق رواں سال کے دوران اب تک 5 لاکھ 94 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان کے جا چکے ہیں۔ ان میں سے جرمانے کی ادائیگی بھی کر دی گئی ہے۔ ان میں سے چالان کے بعد 3 لاکھ 94 ہزار سے زائد شہریوں کو ٹریفک پولیس کی جانب سے ایس ایم ایس کے ذریعے جرمانے کی ادائیگی کی یاد دہانی بھی کرائی گئی۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک پولیس کا مقصد شہریوں کو جرمانے کرنا نہیں بلکہ ان کی جان و مال کا تحفظ ہے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی زندگی کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں۔ ٹریفک پولیس کا کہنا ہے کہ شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کریں، ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں، اوور اسپیڈنگ سے گریز کریں اور لین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے کے ساتھ ساتھ گاڑی بھی بحق سرکار ضبط کی جا سکتی ہے۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے کے ساتھ ساتھ گاڑی بھی بحق سرکار ضبط کی جا سکتی ہے۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے کے ساتھ ساتھ گاڑی بھی بحق سرکار ضبط کی جا سکتی ہے۔



لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ، رمیش سنگھ اروڑہ و مقامی مسیحی کمیونٹی سے ملاقات کر رہے ہیں۔

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی مقامی مسیحی کمیونٹی سے ملاقات

کمیونٹی کے مختلف سماجی، شہری، تعلیمی اور روزمرہ کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور، سردار رمیش سنگھ اروڑہ سے آج ان کے دفتر میں مقامی مسیحی کمیونٹی کے نمائندہ افراد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر کمیونٹی کے مختلف سماجی، شہری، تعلیمی اور روزمرہ کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے مسائل کو غور سے سنا اور بعض مسائل پر موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو فوری رابطہ کرنے کی ہدایت کیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اقلیتوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا اس موقع پر کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبائی حکومت

(بقیہ نمبر 3)

اساتذہ اب صرف تدریس پر فوکس کریں: رانا سکندر حیات

میرا ہدف، ہر ضلع میں 100 معیاری سرکاری سکول، جن میں داخلے کیلئے ویٹنگ لسٹ ہو، وزیر تعلیم کی گفتگو

کرپشن، غفلت، نااہلی اور غیر حاضریوں کا سلسلہ اب بند ہونا چاہیے، رانا سکندر حیات کا اساتذہ کو انتباہ

نظام کو درست خطوط پر استوار کریں اور ایسا تعلیمی نظام بنائیں کہ آپ خود بھی سرکاری سکولوں پر اعتماد کرتے ہوئے اپنے بچے وہاں پڑھانے کو ترجیح دیں، نتائج نہ آئے تو مزید سکولوں کی آؤٹ

(بقیہ نمبر 4 1)

لاہور (خبرنگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت لاہور ڈویژن کے ضلعی تعلیمی افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے ڈی ای او اور ڈی ای او، ڈپٹی تعلیمی افسران اور اے ای او کو سکولوں کی بہتری اور سہولیات کا فقدان دور کرنے کے حوالے سے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اعتراف کرنے کے قابل ہونا چاہیے کہ ہم اتنا ٹرک پر ہر ضلع میں 100 ایسے سرکاری معیاری سکول ہوں جہاں داخلوں کیلئے ویٹنگ لسٹ ہو۔ اساتذہ میرے ساتھ ملکر تعلیمی

کراچی، کھوکھر پار میں تیز دھار آلے کے وار سے تین بھائی زخمی

کراچی (این این آئی) شرپسند عناصر نے ملیر کے علاقے کھوکھر پار امبیدکر کالونی میں اسحاق برف والے کے قریب گھریلو جھگڑے کے دوران تیز دھار آلے کے وار سے تین سگے بھائی شدید زخمی ہو گئے۔ واقعے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق زخمیوں کی شناخت 45 سالہ آصف علی شاہ داد سلیمان شاہ، 50 سالہ ارشد حسین شاہ داد اور 40 سالہ فرخ شاہ کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق واقعہ گھریلو تنازع کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔

جج کی تعیناتی نہ ہونے کے باعث ارشد پیپلز کیس کی سماعت تعطل کا شکار

کراچی (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت میں کالعدم تنظیم کے رکن ارشد پیپلز کیس کی سماعت تعطل کا شکار ہونے کے باعث ارشد پیپلز کیس کی سماعت تعطل کا شکار ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت میں ارشد پیپلز سمیت چھ افراد کے خلاف کیس میں ملزمان کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا جو تاحال نہ سنایا جا سکا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ہونے والی سماعت کے دوران ملزمان کی بریت کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا۔

پنجاب بھر میں انسداد منشیات آپریشن، 32 ہزار سے زائد ملزمان

رواں سال 57 ہزار سے زائد چھاپے، لاکھوں لیٹر شراب اور ہزاروں کلو منشیات برآمد

لاہور میں 6 ہزار سے زائد گرفتاریاں، چرس، ہیروئن، آئس اور افیون بڑی مقدار میں برآمد

لاہور (ریڈیو این این) پنجاب بھر میں پولیس کی جانب سے انسداد منشیات کے آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ جن کے دوران رواں سال 32 ہزار 2296 کلوگرام افیون اور 4 لاکھ 64 ہزار 641 لیٹر شراب برآمد کی گئی ہے۔ صرف لاہور میں ہی پنجاب پولیس کے مطابق صوبہ بھر میں اب تک 57 ہزار 974 چھاپے مارے گئے ہیں۔ ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 18 ہزار 898 کلوگرام چرس، 1638 کلوگرام ہیروئن، 981 کلوگرام آئس، 2296 کلوگرام افیون اور 4 لاکھ 64 ہزار 641 لیٹر شراب برآمد کی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق 275 مقدمات فرشوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق صوبہ بھر میں اب تک 57 ہزار 974 چھاپے مارے گئے ہیں۔ ان کارروائیوں میں 3393 کلوگرام چرس، 6596 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے 974 کلوگرام ہیروئن، 3393 کلوگرام چرس (بقیہ نمبر 3 3)



لاہور: سیکرٹری پراس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹا اور ایڈی ایچ سی اجرتی ادارہ سید جنید حسین ٹرشک سیشن کے ٹرشک سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کا اورنج لائن پر سبسڈی جاری رکھنے کا فیصلہ

محکمہ خزانہ پنجاب نے اورنج لائن کیلئے سبسڈی اور اخراجات کی مد میں 7 ارب جاری کیے

لاہور (ریڈیو این این) پنجاب حکومت نے اورنج لائن میٹرو ٹرین منصوبے پر سبسڈی جاری رکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ خزانہ نے اس مد میں 7 ارب روپے جاری کر دیے ہیں، جن کا مقصد اورنج لائن کا بلاتعطل سروس، آپریشنل اخراجات اور سہولتی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ محکمہ

(بقیہ نمبر 3 2)

اگلے دو ماہ میں چار ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز ریٹائر ہو جائیں گے

انجم رضا، ابراہیم اصغر، جاوید اقبال اور قمر الزمان اپنی مدت ملازمت پوری کریں گے

لاہور (ریڈیو این این) آئندہ دو ماہ کے دوران پنجاب کی ضلعی عدالتوں میں تعینات چار ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز اپنی مدت ملازمت مکمل کر کے ریٹائر ہو جائیں گے۔ ان ججز کے تعیناتی کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز انجم رضا صدیقی، جواس وقت خانیوال میں تعینات ہیں، 10 جولائی 2025 کو ریٹائر ہو جائیں گے۔



ڈپٹی کمشنر لاہور ڈاکٹر سید عاشق حسین گرمانی کی قیادت میں ضلع انتظامیہ اور ورائے ڈویژنل مہم قومی اور ورائے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر کے دورے کے دوران قومی اداروں اور ورائے ڈویژنل معرکے چیمپئن ملزمان کی گرفتاری کے لیے کی جانے والی کارروائی کا جائزہ لے رہے ہیں

کراچی: چھالیہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام، ملزم 150 کلو چھالیہ سمیت گرفتار

کراچی (این این آئی) پولیس نے کراچی کے علاقے منگھوپیر میں چھالیہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا کر ملزم کو 150 کلو چھالیہ سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق منگھوپیر میں کاروائی کے دوران چھالیہ اسمگلنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے چھالیہ برآمد کر لی گئی ہے۔ ملزم کا بھی چھالیہ اسمگل کرنے کا اعتراف کرتا ہے۔ پولیس کے مطابق چھالیہ اسمگلنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے چھالیہ برآمد کرنے کا ارادہ اس چھالیہ کو شہر میں سپلائی کرنا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے 150 کلو چھالیہ برآمد کر لی گئی ہے۔

جن حمایتوں کے پاس بیچنے کیلئے کچھ نہیں صرف تنقید کرتی ہیں

بلاول بھٹو زرداری

پی ٹی آئی کے بچے اگر پاکستان آنا چاہتے ہیں تو آئیں لیکن انہیں ملک کے قوانین کی مکمل پاسداری کرنا ہوگی، شرجیل میمن

سندھ حکومت کام کر رہی ہے، جن کی کارکردگی صفر بنا صفر ہے وہ نمبر پلیٹ پر سیاست کر رہے ہیں، پی آر آر کراچی کی اشد ضرورت ہے

کراچی (پریس ریلیز) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے بچے اگر پاکستان آنا چاہتے ہیں تو آئیں لیکن انہیں ملک کے قوانین کی مکمل پاسداری کرنا ہوگی، سندھ حکومت کام کر رہی ہے، جن کی کارکردگی صفر بنا صفر ہے وہ نمبر پلیٹ پر سیاست کر رہے ہیں، پی آر آر کراچی کی اشد ضرورت ہے اور حکومت کی پوری کوشش ہے کہ منصوبے جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچیں، بلاول ہاؤس کراچی

(بقیہ نمبر 3 7)



لاہور: صوبائی وزارت داخلہ کے زیر اہتمام ٹریفک وارڈنز کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا منظر

لاہور ہائیکورٹ: قتل کے مقدمہ میں نامزد خاتون کی ضمانت منظور

پولیس تفتیش میں الزامات ثابت نہ ہو سکے، خاتون کو بے بنیاد مقدمے میں نامزد کیا گیا تھا

لاہور (ریڈیو این این) لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس شہباز رضوی کے قتل کے مقدمے میں نامزد خاتون ملزمہ کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ خاتون نے اصابت جرم کے الزام میں ضمانت کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمہ کے لگائے پر اس کے خاوند، بھائی اور دیگر ساتھیوں نے فائرنگ کی

(بقیہ نمبر 36)

سابق صدر عارف علوی کے خلاف مقدمہ اندراج کی درخواست پر عدالت کا نوٹس

عدالت نے سابر کو رائم قاری کو اتھارٹی کے ریپورٹ 11 اگست تک پیش کرنے کا ح